★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 12 | بدھ 20 شوال 1444، 10 مئی 2023، 21 میساکھ 2079 بے صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 251

اللہ ایک ہے

تم فرما دو وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔)

وزیر داخلہ کا پی ٹی آئی مظاہرین سے پوری سختی سے نمٹنے کا حکم

عمران کی گرفتاری قانون کے مطابق، حالات خراب کرنے پر سخت کارروائی ہوگی، گرفتاری القادر ٹرسٹ اور توشہ خانہ کیسز میں ہوئی، کیس میں نیشنل سیکرٹری پر اپرٹی ٹائیکون، لیکن جرم ان کا ہے، رانا ثنا اللہ

احتساب عدالت نے رینجرز کی مدد سے عمران خان کو احاطہ عدالت سے گرفتار کرلیا، نیب آفس منتقل، عمران خان کو فادر ٹرسٹ کیس میں گرفتار کیا گیا ہے، حالات معمول کے مطابق ہیں، آئی جی اسلام آباد

القادر ٹرسٹ کیس نیب نے عمران خان کو گرفتار کرلیا

عمران خان کے وارنٹ گرفتاری یکم مئی کو جاری ہوئے، نیب نے 34 اے، 18 ای، 24 اے کے تحت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے عمران خان کو گرفتار کیا، نیب دستاویز

عمران خان کی سیاست جھوٹ اداروں پر حملوں پر مبنی ہے

وزیر اعظم شہباز شریف

وزیر اعظم نے اپنے ٹوئٹر پیغام میں عمران خان سے کئی سوالات کر دیئے۔ آپ عدلیہ کو اپنی منشاء کے مطابق چلاتے ہیں

واضح رہے کہ وزیر اعظم کا یہ بیان عمران خان کی اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر رینجرز کے ہاتھوں گرفتاری سے کچھ دیر قبل سامنے آیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کوئی شک نہیں عمران خان کی سیاست جھوٹ، ٹوئٹر اور اداروں پر حملوں پر مبنی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اپنے ٹوئٹر پیغام میں عمران خان سے کئی سوالات کر دیئے۔ اپنی منشاء کے مطابق چلاتے ہیں۔ واضح رہے کہ کہتے ہیں کہ کوئی شک نہیں آپ کی سیاست جھوٹ، ٹوئٹر اور اداروں پر حملوں پر مبنی ہے۔ وزیر اعظم کا یہ بیان (باقی صفحہ 7 نمبر 48)

روس تیل کی سپلائی کے لیے قابل بھروسہ نہیں ہے، امریکہ

ماسکو (آن لائن) امریکہ نے کہا ہے کہ روس سے سستا تیل حاصل (باقی صفحہ 7 نمبر 50)

20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں ایک دن میں 200 روپے اضافہ ہو گیا، فواد چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) تحریک انصاف کے سینئر نائب صدر فواد (باقی صفحہ 7 نمبر 51)

عمران خان کی گرفتاری مختلف شہروں میں احتجاج، ریڈ زون سمیت پولیس سے جھڑپیں

عظیم پاکستانیوں آج آپ لوگوں کو آپ کے مستقبل کی لڑائی لڑنے والے اپنے عظیم قائد کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے گھروں سے نکلنا ہوگا، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف نے اپنے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے خلاف ملک بھر میں احتجاج کی کال دے دی

جس پر کئی شہروں میں پی ٹی آئی کارکنوں نے سڑکیں بند کردیں۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق آج القادر یونیورسٹی کیس میں نیب نے رینجرز کی مدد سے پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کو گرفتار کیا ہے جس کے بعد پی ٹی آئی کی قیادت (باقی صفحہ 7 نمبر 49)

عمران خان کی گرفتاری مکافات عمل ہے، حافظ سعد حسین رضوی

لاہور (آن لائن) تحریک لبیک پاکستان حافظ سعد حسین رضوی نے کہا ہے کہ حکومت، اپوزیشن اور ادارے انا کی جنگ لڑ رہے ہیں، ملک معاشی صورتحال دن بدن ابتر ہوتی جارہی ہے، معیشت کا پہیہ جام اور غریب کا چولہا بند ہوتا جارہا ہے، حالم ارسلام، ارٹریب کے حقوق پر ڈاکا ڈال رہے ہیں، ہمکران واضح کریں کہ وہ کس قانون کے تحت غریب کے حقوق چھین کر اشرفیہ کو نواز رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رکن مرکزی شوریٰ پیر سید صدر حسین شاہ (باقی صفحہ 7 نمبر 52)

پنجاب میں حالات خراب کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی، محسن نقوی

عمران خان کی گرفتاری کیخلاف تحریک انصاف کے کارکنوں مختلف شہروں میں احتجاج کر رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی نے کہا ہے صوبے میں امن و امان کو صورتحال خراب کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کا اعلان کر دیا، تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے بعد ناخوشگوار صورتحال کے پیش نظر پنجاب حکومت نے صوبے میں ریڈ زون کو طلب کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق عمران خان کی گرفتاری کیخلاف تحریک انصاف کے کارکنوں مختلف شہروں میں احتجاج کر رہے ہیں، ہمکو کسی بھی ناخوشگوار صورتحال کے پیش (باقی صفحہ 7 نمبر 54)

عمران خان، آرمی چیف بند کمرے میں بیٹھ کر اپنے گلے شکوے دور کرلیں، اسد عمر

ہوسکتا ہے آرمی چیف اور عمران خان تک درست باتیں نہ پہنچائی جارہی ہوں، سیکرٹری جنرل تحریک انصاف

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری اسد عمر نے مجوزہ دی کہ سابق وزیراعظم عمران خان اور موجودہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر بند کمرے میں براہ راست ایک دوسرے سے بات چیت کر کے گلے شکوے دور کرلیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے اس بات کا امکان ظاہر کیا کہ ہوسکتا ہے آرمی چیف اور عمران خان تک درست باتیں نہ پہنچائی جارہی ہوں۔ اسد عمر نے بات چیت کرنے کی تجویز میزبان کے اس سوال کے جواب میں دی کہ کیا چاہتے یا (باقی صفحہ 7 نمبر 53)

عمران خان کی گرفتاری مکافات عمل ہے، حافظ سعد حسین رضوی

لاہور (آن لائن) تحریک لبیک پاکستان حافظ سعد حسین رضوی نے کہا ہے کہ حکومت، اپوزیشن اور ادارے انا کی جنگ لڑ رہے ہیں، ملک معاشی صورتحال دن بدن ابتر ہوتی جارہی ہے، معیشت کا پہیہ جام اور غریب کا چولہا بند ہوتا جارہا ہے، حالم ارسلام، ارٹریب کے حقوق پر ڈاکا ڈال رہے ہیں، ہمکران واضح کریں کہ وہ کس قانون کے تحت غریب کے حقوق چھین کر اشرفیہ کو نواز رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رکن مرکزی شوریٰ پیر سید صدر حسین شاہ (باقی صفحہ 7 نمبر 52)

نگران صوبائی وزیر صحت کی زیر صدارت مرحوم پروفیسر منیر الحق کی یاد میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد

پروفیسر منیر الحق نے بطور ایم ایس میو ہسپتال لاہور میڈیکل کالج کو بین الاقوامی شہرت دلائی، ڈاکٹر جاوید اکرم

سوئی ناردرن گیس نے ناہنجار سرکاری اداروں کو گیس بلز کی عدم ادائیگی پر رگیدنا شروع کر دیا

وفاق کے ذمہ کل رقم 255,744,307 روپے کے پی کے ذمہ 752,386,45 روپے اور پنجاب کے ذمہ 691,130,354 روپے واجب الادا ہیں

ان نادہندگان کو اپریل 2023ء میں واجبات کی ادائیگی کے لیے حتمی نوٹس جاری کیے جا چکے ہیں

حتمی نوٹس جاری کیے جا چکے ہیں جس سوئی ناردرن گیس کے مطابق وفاقی و صوبائی سرکاری اداروں کو مطلع کرتی ہے کہ کسی بھی طرح کی التوائی اقدامات سے بچتے کے لیے جلد از جلد واجبات ادا کریں۔ ان نادہندگان کو اپریل 2023ء میں واجبات کی ادائیگی کے لیے ذمہ 804027,42 روپے کے پی کے ہیڈکوارٹرز کو 70 کروڑ سے زائد رقم واجب ادا ہے۔ سوئی ناردرن گیس ذرائع ابلاغ کے توسط سے ان نادہندہ

لاہور (خبر نگار) سوئی ناردرن گیس نے دانستہ سرکاری اداروں کو گیس بلز کی عدم ادائیگی پر گیس کنکشن منقطع کرنے کا انتباہ کر دیا۔ سوئی ناردرن گیس کی جانب سے درج ذیل اداروں کو گیس بلز کی ادائیگی کے لیے 7 دن کا نوٹس جاری کر دیا ہے، وفاقی و صوبائی محکموں کو گیس کنکشن منقطع کرنے کا انتباہ کر دیا گیا ہے۔ سوئی ناردرن گیس کے ترجمان نے کہا کہ ہم سب ایک (باقی صفحہ 7 نمبر 56)

آپ پاکستان کی جڑیں کاٹ رہے ہیں، سردار تنویر اپنے ہی پارٹی قائد پر برس پڑے

پاکستان کو کمزور کرنے والے عوام کو معاف نہیں کریں گے، تمام جب دلوں کو آگ لگے گی تو سب کچھ جل جائے گا، سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر کا بیان

مظفر آباد (آن لائن) آزاد کشمیر کے سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس نے کہا ہے کہ ایک سال سے عمران خان امریکی سازش کا بیانیہ بنا کر پورے پاکستان کو گمراہ کر رہے تھے، اب یہ بیانیہ ان کے گلے کا طوق بن گیا ہے۔ اپوزیشن لیڈر تنویر الیاس نے کہا کہ جو قوتیں عدالت پر حملوں کی ذمہ دار ہیں ان کو بھی کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 7 نمبر 57)

پروفیسر منیر الحق نے بطور ایم ایس میو ہسپتال لاہور میڈیکل کالج کو بین الاقوامی شہرت دلائی، ڈاکٹر جاوید اکرم

پروفیسر منیر الحق نے بطور ایم ایس میو ہسپتال لاہور میڈیکل کالج کو بین الاقوامی شہرت دلائی، ڈاکٹر جاوید اکرم نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام مرحوم پروفیسر منیر الحق کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس میں شرکت کی۔ اس موقع پر

فوڈ بزنس کے بڑے نام، بڑے دام مگر برے انتظامات

پائن ایونیو شاہو بابا چوک میں معروف جوس اینڈ ڈرائی فروٹ کا رنر پر چھاپہ

جوس کی تیاری میں فشکس زدہ فروٹس کے استعمال پر جوس کا رنر کو بند کر دیا گیا، ڈی فوڈ اتھارٹی

لاہور (آن لائن) فوڈ بزنس کے بڑے نام، بڑے دام مگر برے انتظامات۔۔۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے پائن ایونیو شاہو بابا چوک میں معروف جوس اینڈ ڈرائی فروٹ کارنر پر چھاپہ مارتے ہوئے جوس کی تیاری میں فشکس زدہ فروٹس کے استعمال پر جوس کارنر کو بند کر دیا۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 59)

توہین پارلیمنٹ کے مرتکب شخص کیلئے 6 ماہ قید کی سزا تجویز

قومی اسمبلی نے توہین پارلیمنٹ بل مزید غور کیلئے قائمہ کمیٹی قانون و انصاف کو بھجوا دیا، جس میں توہین کے مرتکب شخص کیلئے 6 ماہ تک قید کی سزا تجویز کی گئی ہے

اپوزیشن لیڈر راجہ ریاض نے کہا کہ جو قوتیں عدالت پر لوگوں کی گردن اڑا سکتے ہیں لیکن جب ہماری عزت کی باری آتی ہے تو کہا جاتا ہے بل کمیٹی کو واپس کیا جائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی نے توہین پارلیمنٹ بل مزید غور کیلئے قائمہ کمیٹی قانون و انصاف کو بھجوا دیا، جس میں توہین کے مرتکب شخص کیلئے 6 ماہ تک قید کی سزا تجویز کی گئی ہے۔ اپوزیشن لیڈر راجہ ریاض نے کہا کہ جو قوتیں عدالت پر لوگوں کی (باقی صفحہ 7 نمبر 60)

عمران خان کے الزامات پر سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر کی مذمت

قوم مسح افواج پر یقین رکھتی ہے لیکن آپ پاکستان کی جڑیں کاٹ رہے ہیں، سردار تنویر

مظفر آباد (آن لائن) آزاد کشمیر کے سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس نے کہا ہے کہ ایک سال سے عمران خان اور پی ٹی آئی رہنما عمران خان کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا

مداخلت کا الزام، کینیڈا نے چینی سفارتکار کو ملک بدر کر دیا

چین کا بھی جوابی روڈمل کینیڈین سفارتکار کو ملک سے نکالنے کا اعلان

اوٹاوہ، بیجنگ (آن لائن) کینیڈا اور چین کے درمیان سفارتی کشیدگی کی شدت اختیار کر گئی۔ دونوں ممالک نے ایک دوسرے کے سفارتکاروں کو ملک بدر کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کینیڈا نے مبینہ طور پر انٹیلی جنس کے ذریعے ہی چینی پارٹی کانگریس کے (باقی صفحہ 7 نمبر 63)

آئی ایس پی آر صاحب! عزیز ترین ایک ادارے کی نہیں پوری شہری کی ہونی چاہیئے

عمران خان

انویسٹی گیشن میں ثابت کردونگا یہ آدمی تھا جس نے مجھے 2 بار قتل کرنیکی کوشش کی ، اسکے ساتھ پورا ٹولہ ہے، چیئرمین تحریک انصاف

لاہور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مجھے کرمنل کیس میں پھنسانے کی ناکام کوشش کی گئی، اسکے ساتھ پورا ٹولہ ہے، پاکستان کی قوم کے ہر شہری کی ہونی چاہیے۔ مقدمے میں پیشی

وزیر اعظم شہباز شریف نے لندن قیام میں ایک دن کا اضافہ کر دیا

شہباز شریف آج بدھ کو روانہ ہونگے، قیام میں توسیع نواز شریف کی ہدایت پر کی، مریم اور گنڈاپور کا ٹویٹ

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف نے لندن قیام میں ایک دن کا اضافہ کر دیا ہے اور گنڈاپور نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف (باقی صفحہ 7 نمبر 45)



لاہور: امیر جماعت اسلامی سراج الحق منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجاب بھر میں 1122 ٹریفک حادثات میں 109 افراد جاں بحق، 1185 زخمی

لاہور (آن لائن) پنجاب ایمرجنسی سروس 1122 نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1122 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا۔

وزیر اعظم نے نواز شریف کی ہدایت پر لندن میں قیام کی مزید توسیع کر دی

سیاسی و قومی امور پر مشاورت ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب (باقی صفحہ 7 نمبر 47)

کووڈ کے دوران حاز میں حج کی تعداد سے متعلق پابندیاں اس سال نہیں ہوں گی

پیرون ملکوں سے اس سال ساڑھے 18 لاکھ حاز میں کا خیر مقدم کیا جائے گا، گورنر مدینہ فیصل بن سلطان

مدینہ منورہ (آن لائن) سعودی حکومت نے کورونا کے دوران حاز میں حج کی تعداد سے متعلق پابندیاں اٹھا لی ہیں۔ گورنر مدینہ شہزادہ فیصل بن سلمان کی زیر صدارت (باقی صفحہ 7 نمبر 46)



کوہاٹ: عمران خان کی گرفتاری کے خلاف پی ٹی آئی کارکن انڈس ہائی وے پر احتجاج کر رہے ہیں

عمران خان کی گرفتاری مکافات عمل ہے، حافظ سعد حسین رضوی

لاہور (آن لائن) تحریک لبیک پاکستان حافظ سعد حسین رضوی نے کہا ہے کہ حکومت، اپوزیشن اور ادارے انا کی جنگ لڑ رہے ہیں، ملک معاشی صورتحال دن بدن ابتر ہوتی جارہی ہے، معیشت کا پہیہ جام اور غریب کا چولہا بند ہوتا جارہا ہے، حالم ارسلام، ارٹریب کے حقوق پر ڈاکا ڈال رہے ہیں، ہمکران واضح کریں کہ وہ کس قانون کے تحت غریب کے حقوق چھین کر اشرفیہ کو نواز رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رکن مرکزی شوریٰ پیر سید صدر حسین شاہ (باقی صفحہ 7 نمبر 52)

عوام تمہارے جھوٹ، سازش جان چکی ہے اس لئے نہیں نکلے گی، مریم اور گنڈاپور کا فوج اسکی نہیں ہوتی جو فوج کے شہیدوں کیخلاف غلیظ مہم چلاتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا عمران خان کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ہوسکتا ہے نہیں یقیناً عوام تمہارے جھوٹ سازش اور تماشے جان چکی ہے، اس لئے نہیں نکلے گی اور فارن فنڈنگ، توشہ خانہ چوری اور اپنی پی ٹی آئی کو فارن کرنے کے جرم میں گرفتار ہوئے، جو تمہارے خلاف کیس ہیں اور تم اب میں مجرم ہو، تم ذہنی مریض ہو، تمہارا ذہن شیطان کا گھر ہے، جو ہر وقت سازش کے لئے تیار رہتا ہے، فوج اس کی نہیں ہوتی (باقی صفحہ 7 نمبر 55)



عمران خان، آرمی چیف بند کمرے میں بیٹھ کر اپنے گلے شکوے دور کرلیں، اسد عمر

ہوسکتا ہے آرمی چیف اور عمران خان تک درست باتیں نہ پہنچائی جارہی ہوں، سیکرٹری جنرل تحریک انصاف

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری اسد عمر نے مجوزہ دی کہ سابق وزیراعظم عمران خان اور موجودہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر بند کمرے میں براہ راست ایک دوسرے سے بات چیت کر کے گلے شکوے دور کرلیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے اس بات کا امکان ظاہر کیا کہ ہوسکتا ہے آرمی چیف اور عمران خان تک درست باتیں نہ پہنچائی جارہی ہوں۔ اسد عمر نے بات چیت کرنے کی تجویز میزبان کے اس سوال کے جواب میں دی کہ کیا چاہتے یا (باقی صفحہ 7 نمبر 53)

پنجاب میں حالات خراب کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی، محسن نقوی

عمران خان کی گرفتاری کیخلاف تحریک انصاف کے کارکنوں مختلف شہروں میں احتجاج کر رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی نے کہا ہے صوبے میں امن و امان کو صورتحال خراب کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کا اعلان کر دیا، تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے بعد ناخوشگوار صورتحال کے پیش نظر پنجاب حکومت نے صوبے میں ریڈ زون کو طلب کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق عمران خان کی گرفتاری کیخلاف تحریک انصاف کے کارکنوں مختلف شہروں میں احتجاج کر رہے ہیں، ہمکو کسی بھی ناخوشگوار صورتحال کے پیش (باقی صفحہ 7 نمبر 54)

نگران صوبائی وزیر صحت کی زیر صدارت مرحوم پروفیسر منیر الحق کی یاد میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد

پروفیسر منیر الحق نے بطور ایم ایس میو ہسپتال لاہور میڈیکل کالج کو بین الاقوامی شہرت دلائی، ڈاکٹر جاوید اکرم نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام مرحوم پروفیسر منیر الحق کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس میں شرکت کی۔ اس موقع پر



نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر منیر الحق کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

فوڈ بزنس کے بڑے نام، بڑے دام مگر برے انتظامات

پائن ایونیو شاہو بابا چوک میں معروف جوس اینڈ ڈرائی فروٹ کا رنر پر چھاپہ

جوس کی تیاری میں فشکس زدہ فروٹس کے استعمال پر جوس کا رنر کو بند کر دیا گیا، ڈی فوڈ اتھارٹی

لاہور (آن لائن) فوڈ بزنس کے بڑے نام، بڑے دام مگر برے انتظامات۔۔۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے پائن ایونیو شاہو بابا چوک میں معروف جوس اینڈ ڈرائی فروٹ کارنر پر چھاپہ مارتے ہوئے جوس کی تیاری میں فشکس زدہ فروٹس کے استعمال پر جوس کارنر کو بند کر دیا۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 59)

آئی ایم ایف بیل آؤٹ کے بغیر پاکستان ڈیفالٹ کر سکتا ہے، بلوم برگ

شرائط پوری نہ ہونے سے آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی میں مشکلات ہیں، رپورٹ

لاہور (آن لائن) بلوم برگ کی رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کے اختتام تک پاکستان کو قرضوں کی ادائیگیوں میں 65 ارب ڈالر کا سامنا ہے۔ حالیہ جریدے کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں انسانی المیہ جنم لے سکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں بلوم برگ کے ایشیا ایڈیٹر ٹام ریس نے کہا کہ آئی ایم ایف بیل آؤٹ کے بغیر پاکستان ڈیفالٹ کر سکتا ہے اور دسمبر تک پاکستان کے پاس صرف 3 ارب ڈالر کے زرمبادلہ کے ذخائر رہ جائیں گے

پاکستان انٹرنیٹ تک رسائی ڈیجیٹل گورننس کے لحاظ سے دنیا کے بدترین ممالک میں شامل

اسلام آباد (آن لائن) سال 2022 میں پاکستان میں انسانی حقوق اور اظہار رائے کی ٹیکنالوجیز کی (باقی صفحہ 7 نمبر 58)

کمشنر لاہور کی زیر صدارت اجلاس، سرمایہ کاروں کو خصوصی سہولت فراہم کرنیکا فیصلہ

ایل ڈی اے سے رسیورس جرسیشن کیسلئے پرائیویٹ سیکٹر کی طرز پر اقدامات اٹھائے جائیں گے، محمد علی رندھاوا

لاہور (آن لائن) کمشنر لاہور ڈویژن انجینئر محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت ایل ڈی اے افسران کا اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں

توہین پارلیمنٹ کے مرتکب شخص کیلئے 6 ماہ قید کی سزا تجویز



لاہور: نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جہاں سے سستا تیل ملا وہاں سے خرید یں گے، مصدق ملک

پہلی کھیپ آنے پر جہازسے لیس کے کروری تیل کی قدر ضروریات پوری کرتا ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت مصدق ملک نے کہا کہ آج کہیں سے بھی سستا تیل ملے تو پاکستان میں تیل ملا ہم خریدیں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کو سستے تیل خریدے گا (باقی صفحہ 7 نمبر 67)

عرب لیگ میں شام کی دوبارہ شمولیت قبول نہیں، امریکہ

دمشق خانہ جنگی کے بعد صدر بشار الاسد تعلقات معمول پر لانے کے مستحق ہیں، ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (آن لائن) امریکا نے عرب لیگ میں شام کی دوبارہ شمولیت پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ شام کے عرب لیگ میں دوبارہ شمولیت کے حق میں نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ دمشق خانہ جنگی کے بعد صدر بشار الاسد (باقی صفحہ 7 نمبر 68)

ایران میں حجاب نہ پہننے پر مزید دو داد کاراؤں پر فرد جرم عاید

تہران (آن لائن) ایران میں خواتین کے ضابط لباس کی خلاف ورزی پر مزید دو داد کاراں پر فرد جرم عاید کی گئی ہے۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 70)

مولانا زاہد الراشدی

مولانا فضل الرحمن سے ملاقات

سودی نظام پر تبادلہ خیال

لاہور (آن لائن) معروف عالم دین و رہنما مولانا زاہد الراشدی نے جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ میں جمعیت علماء اسلام (ف) کے مرکزی صدر مولانا فضل الرحمن سے ملاقات کی۔ اس موقع پر مولانا زاہد الراشدی نے جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل (باقی صفحہ 7 نمبر 72)

ڈی جی سپورٹس ڈاکٹر آصف ظفیل سے لیجنڈ ڈوج کوچ رولٹ اولمپئن کی ہیڈل ہاکی سٹیڈیم میں ملاقات

رولٹ اولمپئن اور لیجنڈ کوچ خطوط پر ترتیب سے ہاکی ہاکی ترقی کرے گی، ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف ظفیل

پاکستان میں ہاکی کا بہترین پلیٹ فارم موجود ہے، ہاکی میں پاکستانی کھلاڑیوں نے دنیا میں نام کمایا ہے، کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی، اولمپئن ارشد ملک

لاہور (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف ظفیل سے لیجنڈ ڈوج کوچ رولٹ اولمپئن ہاکی کھلاڑی اور اولمپئن ارشد ملک نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف ظفیل نے کہا کہ ہاکی کی ترقی کیلئے تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں، ملاقات میں ہاکی کی ترقی کیلئے تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف ظفیل نے کہا کہ ہاکی کا شاندار ماضی ہے، ہاکی کی ترقی کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں گے، اولمپئن ارشد ملک

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

پیپلز پارٹی نے کراچی کی عوام کا مینڈیٹ چوری کر کے جمہوری دہشتگردی کی ہے، ضیاء الدین انصاری

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ دھاندلی اور خرید وفروخت کے ذریعے اقتدار میں آنے کی کوشش کی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور



لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے کراچی کی عوام کا مینڈیٹ چور کر کے جمہوری دہشتگردی کی ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ دھاندلی اور خرید وفروخت کے ذریعے اقتدار میں آنے کی کوشش کی ہے جس پر ہم مذمت کرتے ہیں۔ کراچی کے انتخابات میں پیپلز پارٹی نے بدترین دھاندلی کی ہیں جس کی کھلی مثال کراچی کے ضمنی انتخاب میں جماعت اسلامی کے کارکنوں پر بدترین تشدد سندھ حکومت کے فنڈز کی کھلی دہشت گردی ہے۔ پولنگ ایجنٹوں پر تشدد اور پریذائیڈنگ افسران اور ریٹرننگ افسران کو یرغمال بنا کر الیکشن کے نتائج تبدیل کیے گئے ہیں۔ کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کو مینڈیٹ دیا، اختیار کرنے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری قیادت کراچی کی رائے کے تحفظ کو ہر حال میں یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کراچی سمیت پورے ملک کے عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔ کراچی کے عوام کی ماضی میں بھی خدمت کی، آئندہ بھی کریں گے۔ شہر کراچی کی رونقیں بحال کریں گے۔

گھر پورا فونیٹک کیفین پولیس کی کارروائی، ریکارڈ یافتہ ڈاکو کو اہلی مین گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گھر پورہ فونیٹک کیفین پولیس کی کارروائی، ریکارڈ یافتہ ڈاکو اہلی مین گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق گھر پورہ فونیٹک کیفین پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ملزم اہلی مین کو گرفتار کیا دوران تفتیش ملزم نے چادر اور کشادہ باہ میں خاتون کے قتل کا انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ اس نے بزرگ خاتون سے زیورات چھیننے کی مزاحمت پر پستول سے خاتون کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا جس سے مقدمہ درج کر لیا گیا۔

ہربنس پورہ پولیس نے ٹاپ لسٹڈ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ہربنس پورہ پولیس نے ٹاپ لسٹڈ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ہربنس پورہ پولیس نے لسٹڈ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش عابد عرف عابد سگھو کو گرفتار کر کے اس سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برآمد کر کے گرفتار منشیات فروش کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

شفیق آباد پولیس نے اسلحہ سے بھری گاڑی پکڑ کر دو ملزمان کو گرفتار کر لیا

لاہور (خبر نگار) محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر اور ہیلتھ کیئر ڈویلپمنٹ اتھارٹی پنجاب کے تعاون سے لاہور میں پولیس ملازمین کے لئے ہیلتھ سکریننگ کیمپ لگایا گیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب کیپٹن (ر) ایاز صادق، سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر جاوید اکرم، ایڈیشنل آئی جی ایڈمن پنجاب پولیس عامر ذوالفقار خان، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز لاہور ڈاکٹر حیدر اشرف، ایس ایس پی ایڈمن لاہور ڈاکٹر اسد سرفراز، ایس ایس پی ٹریفک لاہور ڈاکٹر حسن عباس، ایس ایس پی آپریشنز لاہور ڈاکٹر اکبر ناصر خان، ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور ڈاکٹر فیصل رانا

ABC CERTIFIED
بانی: مجید نظامی
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور(3)10 مئی 2023ء

ڈی سی سیالکوٹ صارفین کو مقررہ نرخوں پر اشیائے خورونوش کی فراہمی ترجیح ہے

سپیشل پرائس مجسٹریٹس اپنی اپنی حدود میں واقع دکانوں اور بازاروں میں روزانہ کی بنیاد پر پرائس چیکنگ کریں، ڈیوٹی روسٹر کے مطابق سبزی منڈی میں آکشن کی نگرانی کی جائے، عدنان محمود اعوان





جہلم ڈی سی کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق زیر تعمیر اسلامیہ سکول روڈ کا دورہ کر رہے ہیں

جہلم، ڈی سی کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کا مختلف علاقوں کا دورہ

اسلامیہ سکول روڈ کو دو ہفتے تک مکمل کیا جائے گا تاکہ لوگوں کی مشکلات کم ہوں، کمشنر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا ہے کہ اسلامیہ سکول روڈ کو دو ہفتے تک مکمل کیا جائے گا جس سے ہزاروں افراد کو روزانہ آمدورفت میں آسانی ہوگی کمشنر چند ماہ سے نئے بنے ہوئے کی وجہ سے شہریوں کو بہت مشکلات درپیش تھیں لیکن اب کام شروع ہو گیا ہے جس کیلئے تقریباً دو ہفتے کا ٹائم مقرر کیا گیا ہے جس کے بعد شہری مرکزی سڑکوں پر ٹریفک بہترین طریقے سے رواں دواں ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر نے اسلامیہ سکول روڈ پر کام کا جائزہ لیتے ہوئے شہریوں اور تاجروں کی شکایات بھی سنیں اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔

گندم کی خریداری کا عمل شفاف ہے، عمران خان

گندم کی خریداری کا عمل کامیابی سے جاری ہے، ترجمان محکمہ فوڈ عاطف حسین راں اور رضا حمید

بدھ بلڈنگ (نامہ نگار) (ڈپٹی کمشنر ہاروآباد کی سربراہی میں ڈائریکٹران پر مشتمل کمیٹی اور گندم کی خریداری عمل کا کامیابی سے جاری ہے اس حوالے سے ضلع ہاروآباد کے لیے مقرر کردہ ٹارگٹ 17لاکھ 37ہزار 120 من ہے سرکاری گندم کے تحت مجموعی طور پر 6لاکھ 1 ہزار 826 گندم بوری خرید کر لی گئی ہے۔ ترجمان محکمہ فوڈ عاطف حسین راں اور رضا حمید نے بتایا کہ تمام اے ایف میز، فوڈ ونگ اور ڈسٹرکٹ گندم مل شہر خریداری کے ساتھ ساتھ تحصیل کی نقل و حمل اور سٹاکنگ کی نگرانی کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گندم خریداری کے دوران کاشتکاروں کو شناختی کارڈ کی پیمائش کے بعد شہری کو ادائیگی کی جا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے ایسوسی ایٹڈ بینک کے نمائندوں کو ہدایت کی کہ کاشتکاروں کو ادائیگی میں کسی قسم کی تاخیر نہ کی جائے۔

عمران خان کی گرفتاری پر پی ٹی آئی ورکرز کا احتجاج

حافظ آباد: (بیورو چیف) عمران خان کی گرفتاری پر پی ٹی آئی ورکرز کا احتجاج ضلعی صدر عمران حیدر بھٹی اور پی پی 70 پی ایم اے کے امیدوار سکندر اعوان کی قیادت میں احتجاجی جاری پی ٹی آئی ورکرز نے فوارا چوک جلال پور روڈ گوجرانوالا روڈ پھجری بازار کے اطراف سڑکیں بلاک کر دیا اور ٹریفک جام کر دی جبکہ شہر کی پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری کی بھرپور مزمت کرتے ہے یہ پی ٹی ای ایم حکومت اور کارکنان کی جانب سے پی ٹی ای ایم حکومت اور سکیورٹی اداروں کے خلاف نعرے بازی کی سلسلہ جاری پولیس کی بھتر بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔

ویٹرنری ڈاکٹر کا چھاپہ، قصاب عوام کو بدبو دار مضر صحت گوشت فروخت کرتا پکڑ لیا

اکاڑہ (نامہ نگار رانا اکرام ربانی/ قوت) اکاڑہ ویٹرنری ڈاکٹر کا چھاپہ قصاب عوام کو بدبودار مضر صحت گوشت فروخت کرتا پکڑا گیا قصاب کے خلاف درج مقدمہ تحت دفعہ 328 تعزیرات سنا ہے اس پر ویٹرنری ڈاکٹر نے پریس کلب نیلا سٹاپ کے صدر شہباز احمد A-R-2/ فیصل آباد روڈ اکاڑہ پر ایک قصاب عوام کو مضر صحت گوشت فروخت کرتا ہے جس سے عوام الناس کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچتی ہے ہم قانون کو اپنے ہاتھ میں نہیں لیتے ہم قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے کیا کر سکتے ہیں اس کے بارے میں ڈاکٹر نے کہا کہ ہم نے اپنی ڈیوٹی کرتے ہوئے اپنے محکمے کے بڑے افسران کو اطلاع دی ہے اور اپنے محکمے کے ذریعے کارروائی کر رہے ہیں ہم نے

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل

پاک چین افغان مذاکرات

علاقائی امن واستحکام، ترقی، خوشحالی، باہمی تجارت بڑھانے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لئے خطے کے پڑوسی ممالک میں باہمی تعاون انتہائی ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز اسلام آباد میں پاکستان چین اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کی سہ فریقی کانفرنس میں ان اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جس کا اظہار ایک مشترکہ اعلامیہ کی صورت میں سامنے آیا ہے۔ کانفرنس میں شرکت کے علاوہ وزراء خارجہ نے آپس میں الگ الگ ملاقاتیں بھی کیں اور سہ فریقی کانفرنس اور باہمی ملاقاتوں کے نتائج پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ مہمان وزرائے خارجہ نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے بھی ملاقاتیں کیں جن میں خطے کی سلامتی اور دہشت گردی سے نمٹنے سمیت اہم مسائل و معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چین نے دو ٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے اپنا یہ مؤقف دہرایا کہ تنازعہ کشمیر دونوں ایٹمی طاقتوں کے درمیان طے طریقہ کار کے مطابق پرامن طور پر حل ہونا چاہئے۔ پاکستان نے دل ہلا دینے والی پالیسی کی حمایت کا اعادہ کیا جبکہ دونوں ملکوں نے انسٹیٹیوٹ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا دہرایا۔ پاکستان چین اور افغانستان کا شمار اہم ترین علاقائی ممالک میں ہوتا ہے جن میں وقوع پزیر ہونے والے واقعات پورے خطے پر اثر انداز ہوتے ہیں اس لئے یہ سہ فریقی کانفرنس اور باہمی ملاقاتیں اہمیت کی حامل ہیں۔ اس کے ساتھ ہی آرمی چیف سے ملاقات میں تجارت بڑھانے اور سہ فریقی کانفرنس کے مشترکہ اعلامیہ سے مترشح ہوتا ہے کہ فریقین نے کثیر الجہتی معاملات پر سنجیدہ باہمی بات چیت کو آگے بڑھانے کے لئے کئی اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ افغان وزیر خارجہ نے اس موقع پر کہا کہ ان کا ملک اپنی سرزمین کسی کے خلاف استعمال نہیں ہونے دے گا۔ یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ افغانستان کے عبوری حکمرانوں نے بھی اپنی سرزمین کسی کے خلاف استعمال نہ ہونے کا یقین دلایا ہے۔ اس سے پہلے بھی کابل میں پاکستانی سفارتخانے پر حملے کے بعد افغان حکومت نے اس کی مذمت کی تھی۔ اس وقت علاقائی دہشت گردی کا سب سے بڑا خطرہ داعش خراسان کی طرف سے ہے جس کے خلاف افغان حکومت کو بھی کارروائی کرنی چاہئے



بنگلا دیش میں 1971 کے بعد پہلی ہندی فلم پٹھان 12 مئی کو ریلیز ہوگی



ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) انٹرنیشنل ڈسٹری بیوشنز کے نائب صدر نیلسن ڈی سوزا نے اعلان کیا ہے کہ کنگ خان کی 'پٹھان' 12 مئی کو بنگلا دیش کے سینماؤں میں ریلیز کی جائے گی۔ بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان کو ایک اعزاز مل گیا، ان کی بلاک بسٹر فلم 'پٹھان' 1971 کے بعد پہلی ہندی فلم بن گئی جو بنگلا دیش میں ریلیز ہوگی۔ ایک اعلامیے میں نیلسن ڈی سوزا کے مطابق سینما ہمیشہ سے قوموں، نسلوں اور ثقافتوں کو متحد کرنے کا ذریعہ رہا ہے اور اس کے ذریعے لوگ ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں، انہوں نے بتایا کہ 'پٹھان' ہندی سینما کی وہ پہلی فلم بن گئی ہے جو 1971 کے بعد بنگلا دیش میں ریلیز ہوگی اور اس پر ہم بنگلا دیشی اتھارٹیز کے شکر گزار ہیں۔ نیلسن ڈی سوزا کا کہنا تھا کہ بالی وڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کی بنگلا دیش میں ایک بڑی فین فالوونگ ہے اسی لئے ان کی فلم کو ریلیز ہونے کی اجازت دی گئی۔

رنگت گوری کرنے کیلئے انجکشن پیتی ہوں: ندا یاسر



لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) پاکستانی میزبان ندا یاسر نے کہا ہے کہ میں رنگت گوری کرنے کیلئے انجکشن پیتی ہوں۔ ندا کا ایک انٹرویو کلپ وائرل ہو رہا ہے جس میں معروف میزبان ندا یاسر نے اپنی رنگت صاف نظر آنے سے متعلق گفتگو کی ہے۔ اس انٹرویو کے دوران ندا نے کیمرے پر اپنے ہاتھ دکھاتے ہوئے کہا کہ میں ابھی بھی سانولی ہی ہوں، سکرین پر گورا دکھنا کبھی میک اپ کا کمال ہوتا ہے تو کبھی لائٹ کا۔ معروف میزبان نے کہا کہ میری جن تصاویر کو انٹرنیٹ پر دکھا کر یہ دعویٰ کیا جاتا ہے وہ تصاویر میری یونیورسٹی لائف کی ہیں، اس وقت ہم بسوں کا سفر کرتے تھے اور کوئی سن بلاک استعمال نہیں کرتے تھے حتیٰ کہ صحیح سے منہ بھی نہیں دھوتے تھے لیکن اب جو میں ہوں وہ اس لیے بہتر ہوں کیوں کہ اب میں منہ اچھی طرح دھوتی ہوں، اچھے فیشلز لیتی ہوں، سن بلاک بھی لگاتی ہوں اور اپنا خیال بھی رکھتی ہوں۔ گورے رنگ کے انجکشن لگوانے سے متعلق ندا یاسر نے اعترافاً بتایا کہ میں انجکشن لگوانے کے بجائے پیتی ہوں، ندا نے یہ بھی کہا کہ جو لوگ انجیکشن لگوانے سے ڈرتے ہیں۔

ایوا بی کی ایک بار پھر گلوکاری کے میدان میں انٹری



لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) کوک سٹوڈیو کے گانے کنایاری سے شہرت کی بلندیوں کو چھونے والی لیاری کی رہائشی ریپر اور گلوکارہ ایوا بی شادی کے بعد گلوکاری کے میدان میں ایک بار پھر انٹری دینے کیلئے تیار مائیکرو بلاگنگ پلیٹ فارم ٹوئٹر پر ٹوئٹ کرتے ہوئے ایوا بی نے گلوکاری کی دنیا میں واپسی کا اشارہ دیدیا۔ موسیقی کی دنیا میں دھوم مچانے والی کراچی کے علاقے لیاری کی رہائشی ایوا بی نے رواں برس جنوری میں گلوکار مدثر قریشی سے شادی کرلی تھی۔ گلوکارہ ایوا بی نے اپنے ٹوئٹر ہینڈل پر روایتی بلوچ لباس میں اپنی تصویر شیئر کی ہے جس میں حسب روایت انہوں نے چہرے کو فیس ماسک سے ڈھانپ رکھا ہے۔ ایوا بی نے اپنے ٹوئٹ میں جلد آرہا ہے کا ہیش ٹیگ استعمال کرتے ہوئے لکھا کہ 'میں آرہی ہوں'۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس کے آغاز میں ریلیز ہونے والے 'کوک سٹوڈیو سیزن 14' کے گانے 'کنایاری' کو عالمی سطح پر کافی پذیرائی ملی جس کے باعث ایوا بی سب کی توجہ کا مرکز بنیں۔

بھارتی اداکارہ انوشکا شرما کانز فلم فیسٹیول میں ڈیبیو کریں گی



ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) بالی وڈ اداکارہ انوشکا شرما اور ہالی وڈ کی کیٹ ونسلیٹ رواں برس کانز فلم فیسٹیول میں شوبز خواتین کی نمائندگی کریں گی۔ بھارت میں فرانس کے سفیر ایمانوئیل لینین نے ایک ٹویٹ کی ہے جس میں انہوں نے ویرات کوہلی اور انوشکا شرما کے ساتھ اپنی تصویر شیئر کی ہے۔ فرانسیسی سفیر نے پوسٹ کے ساتھ لکھا کہ ویرات اور انوشکا کے ساتھ ایک اچھی میٹنگ ہوئی، میں ویرات اور ٹیم انڈیا کو تمام ٹورنامنٹس کیلئے نیک تمنائیں پیش کرتا ہوں اور میں انوشکا سے کانز فلم فیسٹیول کے سفر پر تبادلہ خیالات کیا ہے۔ واضح رہے کہ 2022 میں بھارتی اداکارہ دیپیکا پڈوکون کانز فلم فیسٹیول کا حصہ بنی تھیں۔

علیزہ کے جذباتی بیان میں فیروز خان کیلئے 'خفیہ پیغام'



لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) پاکستان کے معروف اداکار فیروز خان کی سابقہ اہلیہ علیزہ سلطان کے اپنے بیٹے محمد سلطان خان کی سالگرہ پر لکھے گئے الفاظ پڑھ کر صارفین افسردہ ہوگئے۔ علیزہ سلطان کے بڑے بیٹے محمد سلطان خان کی سالگرہ پر علیزہ کے پرستاروں نے انکو دعاؤں بھری مبارکباد پیش کی جس کے بعد انہوں سلطان کی سالگرہ کے دن کی تصاویر پر مشتمل ایک ویڈیو اپنے انسٹاگرام پر شیئر کی اور ایک اور تصویر بھی شیئر کی جس میں انہوں نے سنگل پیرنٹ کی ذمہ داری کے متعلق دل کو چھو لینے والی باتیں لکھیں۔ علیزہ نے لکھا کہ میں دونوں (بیٹا اور بیٹی) کی ذمہ داری کی خوشی ہر دن منانا چاہتی ہوں، ہر نئے دن میں خود کے ایک نئے وجود کی خوشی کو منانا چاہتی ہوں، میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ میں کبھی بھی ایک والد اور والدہ کا کردار ادا کر پاؤں گی جو کہ کبھی سخت تو کبھی بے حد حساس ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ میں اللہ کی بے انتہا شکر گزار ہوں۔

نامور اداکارہ صبا قمر پھیپھڑوں کے انفیکشن میں مبتلا



لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) پاکستان کی صف اول کی اداکارہ صبا قمر نے مداحوں کو اپنی بیماری کی اطلاع دے دی۔ صبا قمر نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپلی کیشن انسٹاگرام پر سٹوری پوسٹ کی جس میں انہوں نے اپنے ہاتھ پر ڈرپ لگی تصویر شیئر کی اور ساتھ ہی اداکارہ نے اپنی طبیعت ناسازی سے متعلق بھی بتایا۔ اداکارہ نے سٹوری پر لکھا سیٹ پر دھواں پیدا کرنے کے لیے جو ڈیزل استعمال کیا جاتا ہے اس کے باعث میں گزشتہ کچھ دنوں سے پھیپھڑوں کے انفیکشن میں مبتلا ہوں۔

بلاول کے بیان کے بعد بھارتیوں کی کانپیں ٹانگ گئی ہیں: رابعہ کلثوم



لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) پاکستان شوبز انڈسٹری سے وابستہ ابھرتی ہوئی اداکارہ رابعہ کلثوم نے کہا ہے کہ بلاول کے بیان کے بعد بھارتیوں کی کانپیں ٹانگ گئی ہیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر سٹوری شیئر کرتے ہوئے اداکارہ رابعہ کلثوم نے لکھا کہ 'میں پیپلز پارٹی کی مداح تو نہیں ہوں لیکن یہ ضرور کہوں گی کہ بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کی بھرپور نمائندگی کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی لکھا کہ 'بلاول بھٹو نے حال میں بھارت میں اور اس سے قبل دنیا بھر میں مختلف مواقعوں پر اسلاموفوبیا پر کھل کر بات کی ہے۔

بھارتی فلم میں کام کا تجربہ بہت اچھا رہا، مدیحہ امام



لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) حال ہی میں شادی کے بندھن میں بندھنے والی پاکستان شوبز انڈسٹری کی اداکارہ مدیحہ امام نے نے کہا ہے کہ بھارتی فلم میں کام کا تجربہ بہت اچھا رہا، پاکستان اور بھارت میں کام کا طریقہ زیادہ مختلف نہیں ہے۔ نجی ٹی وی شو میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ بھارت کے لوگ بہت اچھے ہیں، میرا انہوں نے کافی خیال رکھا، کھلا کھلا کر موٹا کر دیا تھا۔ ایک اور سوال کے جواب میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ میں جس چینل پر ان دنوں کام کر رہی تھی اسی کا ایک کلپ دیکھ کر آڈیشن کی کال آئی، کلپ دیکھنے والوں نے کہا تھا کہ یہ لڑکی اس کردار کیلئے بالکل ٹھیک رہے گی۔ واضح رہے کہ مدیحہ امام نے بالی وڈ کی فلم ڈیئر مایا میں مرکزی کردار ادا کیا تھا، یہ فلم 2 جون 2017ء کو ریلیز کی گئی تھی۔ حال ہی میں شادی کے بندھن میں بندھنے والی پاکستان شوبز انڈسٹری کی اداکارہ مدیحہ امام نے نے کہا ہے کہ بھارتی فلم میں کام کا تجربہ بہت اچھا رہا۔

بگ باس سے مشہور ہونیوالی ادکارہ شہناز گل نے نیا گھر خرید لیا

شہناز گل کی انسٹاگرام سٹوریز کو دیکھ کر یہ اندازہ لگایا جا رہا ہے

ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) بھارت کے معروف شو بگ باس سے شہرت حاصل کرنے والی شہناز گل نے اپنے سوشل میڈیا اکاونٹ پر نئے گھر کے حوالے سے دی جانے والی مداحوں کی مبارکباد کو شیئر کیا۔ شہناز گل کی انسٹاگرام سٹوریز کو دیکھ کر یہ اندازہ لگایا جا رہا ہے کہ انہوں نے نیا گھر خرید لیا ہے، مداحوں کی جانب سے موصول ہونے والی مبارکباد کے پیغامات کو اداکارہ نے اپنی انسٹا اسٹوریز میں شیئر کیا۔ ایک پیغام میں یہ لکھا ہوا تھا کہ پیاری گڑیا! نئے گھر کی آپ کو مبارک، ہمیں آپ کی کامیابی پر بہت فخر ہے۔

رنبیر صوفیانہ مزاج کے مالک، میرا شور شرابا پسند نہیں، عالیہ بھٹ

ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) لی وڈ اداکارہ عالیہ بھٹ نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے شوہر رنبیر کپور کو ان کا غصے میں چیخنا چلانا اور شور شرابا کرنا پسند نہیں ہے۔ بھارتی ویب سائٹ کو انٹرویو میں اداکارہ عالیہ بھٹ نے بتایا کہ رنبیر کپور بہت دھیمے اور 'صوفیانہ' مزاج کے مالک ہیں جب کہ انہیں بہت جلد غصہ آجاتا ہے اور ان کی یہی عادت رنبیر کو پسند نہیں ہے۔ ایک سوال کے کے جواب میں اداکارہ نے کہا کہ جب وہ کوئی کام نہیں کر پاتیں تو انہیں غصہ آجاتا ہے اور وہ بآواز بلند اس کا اظہار کر دیتی ہیں، عالیہ کے بقول رنبیر کو ان کا غصے میں چیخنا چلانا اور شور شرابہ کرنا بالکل پسند نہیں ہے۔ عالیہ بھٹ کا کہنا ہے کہ انہیں اپنے غصے کو قابو میں رکھنے کے لیے بہت جدوجہد کرنی پڑتی ہے کیونکہ ان کی یہ عادت ان کے شوہر کو پسند نہیں ہے، عالیہ بھٹ اور رنبیر کپور کی شادی گذشتہ برس 14 اپریل کو ہوئی تھی۔ ان کی چھ ماہ کی بیٹی بھی ہے۔



قومی باسکٹ بال ٹیم کے تربیتی کیمپ کیلئے 25 کھلاڑی منتخب ہوگئے



اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک، قوت) پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن نے قومی باسکٹ بال ٹیم کے تربیتی کیمپ کیلئے 25 کھلاڑیوں کو شارٹ لسٹ کرلیا جن کا ٹریننگ کیمپ 10 مئی سے شروع ہوگا۔ پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل خالد بشیر، سینئر نائب صدر امتیاز رفیع بٹ، ایسوسی ایٹ سیکرٹری اوج ظہور، پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل سعید اختر، سابق کوچ میجر راسد پرویز، سابق پلیئر ملک مطاہر سمیت بڑی تعداد میں آفیشلز نے تین روزہ ٹرائلز میں شرکت کی۔ پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل خالد بشیر نے بتایا کہ ٹرائلز میں فیڈریشن سے الحاق شدہ یونٹس کے 80 کھلاڑیوں نے شرکت کی جن کی اہلیت کا جائزہ کرنل (ر) شجاعت رانا، ریاض ملک اور مودود جعفری پر مشتمل سلیکشن کمیٹی نے لیا۔ ٹرائلز کے اختتام پر سلیکشن کمیٹی نے 25 کھلاڑیوں کو دس مئی سے اسلام آباد میں شروع ہونیوالے قومی ٹیم کے تربیتی کیمپ کیلئے سلیکٹ کیا ہے۔ خالد بشیر نے بتایا کہ تربیتی کیمپ میں ہیڈ کوچ ریاض ملک کی نگرانی میں کھلاڑیوں کی فٹنس اور تکنیک کو بہتر بنایا جائیگا جبکہ فیڈریشن کی کوشش ہے کہ انٹرنیشنل سطح پر بھی پاکستان کی شرکت کو یقینی بنایا جائے۔ تربیتی کیمپ کیلئے سلیکٹ ہونیوالے کھلاڑیوں میں پاکستان آرمی سے حمزہ بن جاوید، محمد شہباز علی، عاطف شاہ، محمد شاہد، عماد احمد، ائیر فورس سے محمد عمیر جان، ثاقب اللہ خان، مہتاب اکرم، اسلام آباد سے ثمر عباس اور علی حمزہ کاظمی، لاہور سے صفی اللہ خان اور ابتسام مرتضیٰ، پولیس سے رانا ایم عثمان اور محمد عثمان، رانا حارث احمد (فیصل آباد)، سمیر خان (حیدرآباد)، زین علی تنویر (کراچی)، محمد حمزہ (ملتان)، ضیا الرحمن (نیوی)، نعیم اللہ (پشاور)، عبدالوہاب (پشاور) اظہار اللہ (پی او ایف واہ)، محمد حماد (راولپنڈی)، محمد سجاول (سرگودھا) اور زین الحسن خان (واپڈا) شامل ہیں۔ قومی باسکٹ بال ٹیم رواں سال مالدیپ میں منعقد ہونیوالی چار ملکی باسکٹ بال چیمپئین شپ میں شرکت کرے گی۔

ایشیا کپ پاکستان سے سری لنکا منتقل ہونے کا امکان



لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) پاکستان میں ستمبر میں شیڈول ایشیا کپ میں شرکت کے لیے بھارت کی جانب سے ٹیم بھیجنے سے مسلسل انکار کے بعد ایشین کرکٹ کونسل نے ٹورنامنٹ کو پاکستان سے باہر منتقل کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق اس بات کا بہت زیادہ امکان ہے کہ ایشیا کپ پاکستان سے سری لنکا منتقل کردیا جائے، اس سلسلے میں ایشین کرکٹ کونسل کی جانب سے رواں ماہ کے آخر تک میزبان ملک کا اعلان متوقع ہے۔ بھارتی میڈیا نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ ایشیا کپ کی میزبانی پاکستان کے پاس ہے اور بھارتی کرکٹ بورڈ پاکستان اور یو اے ای ٹیم بھیجنے کو تیار نہیں، ستمبر میں یو اے ای میں موسم انتہائی گرم رہتا ہے، ورلڈ کپ سے پہلے یو اے ای میں ٹورنامنٹ کے انعقاد پر باقی ممبرز ممالک نے بھی تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ بھارتی میڈیا نے کہا ہے کہ ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے گزشتہ اجلاس میں عمان نے بھی ایشیاء کپ کی میزبانی کرنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔

فٹبال فیڈریشن نارملائزیشن کمیٹی کو قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی نے طلب کرلیا

پاکستان فٹبال فیڈریشن کے انتخابات نہ ہونے پر قائمہ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کا اظہار تشویش

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک، قوت) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی براے بین الصوبائی رابطہ نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کے انتخابات نہ ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوے فٹبال فیڈریشن کی نارملائزیشن کمیٹی کو 10 مئی کو طلب کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق قائمہ کمیٹی کے چیئرمین نواب شیر وسیر کی صدارت کی کمیٹی کا اجلاس دس مئی کو پارلیمنٹ ہاوس میں طلب کرلیا گیا ہے جس میں پاکستان فٹبال فیڈریشن کی نارملائزیشن کمیٹی کے چیئرمین ہارون ملک کو اجلاس میں شرکت یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے جبکہ گزشتہ اجلاس میں بھی قائمہ کمیٹی نے ہارون ملک کی اجلاس میں عدم شرکت اور حکومت کی اجازت کے بغیر پاکستانی ٹیم کے غیر ملکی دوروں پر سخت برہمی کا اظہار کیا تھا۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں حکومت کی جانب سے قومی کھیل ہاکی سے متعلق قائم چار رکنی کمیٹی کے ممبران بھی شرکت کرینگے جو ہاکی سے متعلق اپنی تجاویز سے قائمہ کمیٹی کو آگاہ کرینگے جبکہ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے حکام بھی اجلاس میں شرکت کرینگے

شاہد آفریدی کی کراچی میں کرکٹ اکیڈمی بنانے کیلئے سندھ حکومت سے اپیل



کراچی (سپورٹس ڈیسک، قوت) کراچی میں کرکٹ اکیڈمی بنانے کے حوالے سے پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے سندھ حکومت سے اپیل کردی۔ شاہد آفریدی نے ضلع غربی میں وانگی گوٹھ میں گراؤنڈ کا دورہ کیا اور وہاں کے بچوں سے کھیل کی سہولیات دینے کا وعدہ بھی کیا۔ شاہد آفریدی نے گوٹھ کے سردار سے بھی ملاقات کی اور کھیلوں کی اکیڈمی کے بارے میں بتایا۔ واضح رہے کہ شاہد آفریدی پہلے بھی کئی بار سندھ حکومت سے اکیڈمی کے لیے درخواست کرچکے ہیں۔

میسی پی ایس جی چھوڑ کر الہلال کے ساتھ معاہدے پر رضامند ہوگئے' رپورٹ

لندن (سپورٹس ڈیسک، قوت) ارجنٹائن کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی نے فرانسیسی کلب کو خیرباد کہہ کر سعودی عرب کے فٹبال کلب کے ساتھ معاہدے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ برطانوی اخبار ڈیلی ایکسپریس کے مطابق میسی اس وقت فرانس کے کلب پیرس سینٹ جرمین (پی ایس جی) کے لیے کھیل رہے ہیں۔

شان مسعود کیخلاف نعرے بازی، افتخار احمد ساتھی کھلاڑی کی حمایت میں سامنے آگئے

کراچی (سپورٹس ڈیسک، قوت) پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان ہونے والی ون ڈے سیریز کے دوران کراچی میں کھیلے گئے ایک میچ میں پاکستان کے بیٹر شان مسعود کے خلاف پرچی پرچی کے نعرے لگانے کی ویڈیو وائرل ہوئی تھی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو پر شان مسعود نے تو فی الحال کسی قسم کے ردعمل کا اظہار نہیں البتہ ساتھی کھلاڑی افتخار احمد ان کی حمایت میں سامنے آگئے ہیں۔ افتخار احمد نے مذکورہ ویڈیو کو اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ اس ویڈیو کو دیکھ کر بہت افسوس ہوا۔

پاکستان میں جونیئر سطح پر اسٹرکچر اور میچز کے تجربے کا فقدان ہے' رولنٹ آلٹمنز



لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم کے کنسلٹنٹ رولنٹ آلٹمنز نے کہا ہے کہ پاکستان میں جونیئر سطح پر اسٹرکچر اور میچز کے تجربے کا فقدان ہے۔ رولنٹ آلٹمنز نے جونیئر ہاکی کیمپ میں نجی ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ ٹیم میں باصلاحیت کھلاڑی شامل ہیں، لیکن جونیئر کی سطح پر اسٹرکچر اور میچز کا فقدان ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوچز کی کوشش یہی ہے کہ کھیل میں بہتری لائیں کیونکہ ہدف جونیئر ورلڈ کپ میں کوالیفائی کرنا ہے۔ اس وقت کیمپ میں سب سے زیادہ توجہ دفاع میں بہتری پر ہے، کیونکہ ڈیفنس اچھا ہوگا تو اٹیکنگ ہاکی کھیل سکتے ہیں۔ رولنٹ آلٹمنز نے کہا کہ وہ 20 سال پہلے بھی پاکستان میں کام کر چکے ہیں، اس وقت کھلاڑیوں کو اتنی سہولیتیں حاصل نہیں تھیں، لیکن پھر بھی اب کھلاڑیوں کے لیے ہاکی کھیلنا مشکل ہو چکا ہے۔ جونیئر ہاکی ٹیم کے کنسلٹنٹ کا کہنا تھا کہ اگر آپ نے دنیا کی بہترین ٹیموں کا مقابلہ کرنا ہے تو پھر ہاکی پروگرامز شروع کرنا ہوں گے۔ کوچز کی کوشش یہی ہے کھیل میں بہتری لائیں، ہدف جونیئر ورلڈ کپ میں کوالیفائی کرنا ہے

فیصل آباد: پہلی نیشنل ماسٹر اتھلیٹک چیمپئین شپ کا انعقاد



فیصل آباد (قوت بیورو) سپورٹس ڈیپارٹمنٹ اور پاکستان ماسٹر سپورٹس فیڈریشن کے زیر اہتمام دو روزہ پہلی نیشنل ماسٹر اتھلیٹک چیمپئین شپ ٹارٹن ٹریک فردوس کالونی جھنگ روڈ پر منعقد ہوئی جس میں 35 سال سے زائد واپڈا، پولیس، ریلوے، پنجاب، سندھ، کے پی کے، پاکستان پوسٹ کی 220 مرد اتھلیٹ اور 50 خواتین اتھلیٹوں نے حصہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر کاشف رضا اعوان مہمان خصوصی تھے۔ ڈویژنل سپورٹس آفیسر رانا حماد اقبال، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر ساجدہ لطیف، چیئرمین رائے حبیب الرحمن بھٹی، سیکرٹری جنرل مدثر بیگ و دیگر بھی موجود تھے۔ چیمپئن شپ میں کھلاڑیوں نے بہترین پرفارمنس پیش کرتے ہوئے خوب داد وصول کی۔ 50 سالہ محمد موسیٰ نے مختلف کیٹیگریز میں 8 گولڈ میڈل اپنے نام کیے۔ اس کے علاوہ فیصل آباد اور قصور کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل پیش کرتے متعدد میڈلز اپنے نام کیے۔ اوور آل پہلی پوزیشن پنجاب، دوسری پوزیشن فیصل آباد، اور تیسری پوزیشن قصور کی ٹیم نے حاصل کی۔ آخر میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر کاشف رضا اعوان نے کھلاڑیوں میں میڈلز، ٹرافیاں تقسیم کیں۔

ایشین نیٹ بال فیڈریشن کی جنرل کونسل کا اجلاس آئندہ ماہ ہوگا

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک، قوت) ایشین نیٹ بال فیڈریشن کی جنرل کونسل کا اجلاس 15 جون کو کوریا میں ہوگا۔ اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر مدثر آرائیں کریں گے۔ اجلاس میں گزشتہ سال کی رپورٹ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ آئندہ برس کی سرگرمیوں کے حوالے سے لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔

ورلڈ کپ 2023، پاکستان نریندر مودی سٹیڈیم میں میچ نہیں کھیلے گا

لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) پاکستان کے رواں سال ورلڈ کپ 2023ء میں شیڈول روایتی حریف بھارت کے خلاف نریندر مودی کرکٹ اسٹیڈیم میں میچ پر سوالیہ نشان لگ گیا۔ میڈیا رپورٹس میں بغیر کسی تفصیل کے دعویٰ کیا گیا ہے کہ پاکستان ورلڈ کپ 2023ء میں سکیورٹی اور دیگر وجوہات کی بنا پر 1 لاکھ 30 ہزار سے زائد تماشائیوں کی گنجائش رکھنے والے نریندر مودی کرکٹ اسٹیڈیم میں میچ نہیں کھیلے گا۔ ورلڈ کپ کے قریب آتے ہی ہمسایہ ممالک کے درمیان سیاسی تناؤ کے باعث میگا ایونٹ میں پاکستان کی شرکت پر سوالیہ نشان تاحال برقرار ہے۔، بھارت کی جانب سے رواں سال ایشیا کپ کیلئے پاکستان کا سفر کرنے سے انکار کے بعد گرین شرٹس کے میگا ایونٹ میں شرکت کے لئے اپنے پڑوسی ملک جانے پر شکوک وشبہات بڑھ رہے ہیں۔

پاکستان باسکٹ بال ٹیم کے تربیتی کیمپ کے لئے 25 کھلاڑی منتخب

لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) پاکستان باسکٹ بال ٹیم کے تربیتی کیمپ کے لیے 25 کھلاڑی منتخب ہو گے۔ پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن نے ٹرالز کے اختتام پر قومی کھلاڑیوں کو منتخب کیا۔ سیکریٹری جنرل پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن خالد بشیر نے کہا کہ ٹرائلز میں ڈپارٹمنٹس، صوبوں اور ڈویژنل پلیرز نے حصہ لیا۔ قومی باسکٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ 10 مئی سے اسلام آباد میں شروع ہوگا۔

قومی بیٹر فخر زمان پلیئر آف دی منتھ قرار



لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز اوپنر بیٹر فخر زمان کو اپریل کے مہینے میں شاندار کارکردگی پر آئی سی سی مینز پلیئر آف دی منتھ قرار دے دیا گیا۔ فخر زمان نے آئی سی سی مینز پلیئر آف دی منتھ کی دوڑ میں سری لنکا کے سپن جادوگر پر باتھ جے سوریا اور نیوزی لینڈ کے ابھرتے ہوئے بلے باز مارک چیپ مین کو سخت مقابلے کے بعد شکست دی۔ اوپنر بیٹر نے گزشتہ ماہ کے آخر میں راولپنڈی میں اپنے کیریئر میں دوسری بار سب سے زیادہ ون ڈے رنز بنائے، فخر نے ناقابل شکست 180 رنز بنا کر پاکستان کو نیوزی لینڈ کے خلاف 337 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے سیریز میں 2-0 کی برتری دلائی تھی۔ فخر کی اننگز 17 چوکوں اور 6 فلک شگاف چھکوں کے ساتھ مکمل ہوئی جبکہ اوپنر بیٹر کی شاندار بلے بازی کی بدولت پاکستان نے بڑے ہدف کو 10 گیندیں پہلے ہی کامیابی سے حاصل کر لیا۔ اپریل کے دوران اتنے ہی میچوں میں بائیں ہاتھ کے کھلاڑی کی یہ دوسری سنچری تھی اور انہوں نے 114 گیندوں پر 117 رنز بنا کر پاکستان کو اسی مقام پر پہلے کھیل میں 289 رنز کا تعاقب کرنے میں مدد کی تھی۔ بائیں ہاتھ کے کھلاڑی نے نیوزی لینڈ کے خلاف لاہور میں پہلے ٹی 20 میچ میں تیز رفتار 47 رنز کے ساتھ مہینے کا آغاز کیا، جس نے ہوم سائیڈ کی 88 رنز کی زبردست فتح میں اہم کردار ادا کیا، جبکہ انہوں نے اگلے دو میچوں میں کلک نہیں کیا، فخر نے ون ڈے فارمیٹ میں طوفان برپا کیا۔ فخر اب تک ایک روزہ 67 میچوں کے کیریئر کے دوران 71.49 کی اوسط اور تقریباً 95 کے سٹرائیک ریٹ کیساتھ 3148 رنز بنا چکے ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ایس ایم تنویر کا ایوان صنعت وتجارت سرگودھا، ڈسٹرکٹ جیل اور کمشنر آفس کا دورہ، تاجروں اور صنعت کاروں سے ملاقات

سرگودھا میں انڈسٹریل ایریا کو فعال بنانے کا فیصلہ، انڈسٹریل اسٹیٹ کے زیر التواء کیسز کو 15 دنوں میں نمٹایا جا رہا ہے





لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ تاجر اور صنعت کار قومی معیشت میں بنیادی کردار کے حامل ہیں۔ اقتصادی ترقی ، بے روزگاری کے خاتمے اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری لانے کے حوالے سے معیار خدمات لائق تحسین ہیں۔ پنجاب حکومت صنعت کاروں اور تاجروں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہی ہے اور اسی مقصد کے تحت میں صنعت کاروں اور تاجروں کے پاس خود پہنچا رہا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے ایوان صنعت وتجارت سرگودھا میں تاجروں اور صنعت کاروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سرگودھا ظہور الدین صنعت وتجارت ساجد حسین تارڑ، سابق صدر شیخوپورہ چیمبر آف کامرس منظور ملک سمیت دیگر صنعت کاروں و تاجر تقریب میں موجود تھے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ سرگودھا جیسے ہمسایہ علاقوں میں انڈسٹریل ایریا کو فعال بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور انڈسٹریل اسٹیٹ کے زیر التواء کیسز کو 15 دنوں میں نمٹایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر دوست حکومت نے تاجروں کے مسائل کے حل کیلئے پنجاب چیمبر آف کامرس آرڈیننس کمیٹی تشکیل دی ہے۔ کیل ازیں ایوان صنعت وتجارت کے صدر حسنین تارڑ نے سرگودھا کے صنعت کاروں اور تاجروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے حل کیلئے تجاویز دی۔ قبل ازیں کمشنر سرگودھا ذیشان محمد اجمل بھٹی نے صوبائی وزیر صنعت وتجارت سے ملاقات کے دوران بتایا کہ سرگودھا ڈویژن میں ہر سال ایک لاکھ 80 ہزار ایکڑ رقبے پر کپاس کی کاشت کا ہدف رکھا گیا ہے اور اب تک ایک لاکھ 70 ہزار ایکڑ رقبے پر کپاس کاشت کی جا چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال سرگودھا ڈویژن میں گندم کی بمپر فصل ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سرکٹ ہاؤس جم خانہ کو دینے کے علاوہ کمشنر ہاؤس کے ایک حصے کو عوامی پارک بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ اضلاع عوام کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کریں اور اپنے دفاتر کے دروازے کھلے رکھیں۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا کا دورہ بھی کیا۔ مختلف بیرکوں میں جا کر جاری کیے۔ صوبائی وزیر نے اسیران کو فراہم کردہ کھانے اور صحت عامہ کی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ دورہ کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ارشد احمد وڑائچ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ جیل سپرنٹنڈنٹ خان وحید خان نے صوبائی وزیر کو اسیران کی فلاح اور اصلاح کیلئے جاری پروگراموں بارے بتایا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ جیلوں کو اصلاح گاہ بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ حکومت قیدیوں کو رہا کرنے کا سرکلر بھی جاری کرے۔ انہوں نے بتایا کہ عمل ہونے کے بعد معاشرے کا مفید شہری بنانے کیلئے موثر حکمت عملی پر کام ہو رہا ہے۔

صوبائی وزیر صنعت وتجارت وتوانائی ایس ایم تنویر کا صوبائی وزیر بلال افضل کے ہمراہ بھکی پاور پلانٹ کا دورہ، پلانٹ کی پیداوار کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا





لاہور (خبرنگار) نگران صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے نگران صوبائی وزیر مواصلات و ایکسائز بلال افضل کے ہمراہ بھکی پاور پلانٹ شیخوپورہ کا دورہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر جنرل منیجر آپریشنز اور ڈائریکٹر ایڈمن قائداعظم تھرمل پاور کمپنی نے بھکی پاور پلانٹ آمد پر صوبائی وزراء کا استقبال کیا۔ جنرل منیجر شیخوپورہ فیصر آفیسر کامرس اینڈ انڈسٹریز منظور الحق ملک، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس میاں نذیر احمد، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن آفیسر فیصل جاوید اور ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز ٹنویر احمد بھی صوبائی وزراء کے ہمراہ تھے۔ نگران وزراء نے بھکی پاور پلانٹ کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور گیس ٹربائنز کا معائنہ کیا۔ جنرل منیجر آپریشنز قائداعظم تھرمل پاور کمپنی نے نگران وزراء کو پاور پلانٹ میں بجلی کے پیداواری عمل اور پلانٹ کی پیداواری صلاحیت سے آگاہ کیا اور تفصیلی بریفنگ دی۔ نگران وزراء نے بجلی پیدا پلانٹ کی پیداواری صلاحیت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے نگران وزراء کے ہمراہ پلانٹ کے شعبہ صنعت کی حقیقی معنوں میں ترقی اور برآمدات میں اضافے کے لیے بجلی کی قیمتوں میں کمی پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ شیخوپورہ ایک صنعتی شہر ہے شیخوپورہ اور اس کے مضافاتی علاقوں میں ملک کی ترقی اور معیشت کے استحکام کے لیے کام کرنے والے متعدد کارخانے اور فیکٹریاں واقع ہیں۔

حکومت کا موسم گرما کی چھٹیوں میں سرکاری سکولوں کے طلباء وطالبات کے لئے تین ماہ دورانیہ کے مختلف کورسز مفت کرانے کا فیصلہ

لاہور (خبرنگار) حکومت کا موسم گرما کی چھٹیوں میں سرکاری سکولوں کے طلباء وطالبات کے لئے تین ماہ دورانیہ کے مختلف کورسز مفت کرانے کا فیصلہ، فیصلہ کی تربیت کے لیے کورسز محکمہ صنعت وتجارت اور ایونٹ پنجاب کے زیر اہتمام ہوں گے، طلباء وطالبات کو فی تربیت کے لیے کوئی فیس وصول نہیں کی جائے گی لاہور محکمہ صنعت وتجارت اور ایونٹ پنجاب کے زیر اہتمام موسم گرما کی چھٹیوں میں سرکاری سکولوں کے طلباء وطالبات کو فی تربیت کے لیے کوئی فیس وصول نہیں کی جائے گی، یہ کورسز محکمہ سٹریٹ، بائیر ایجوکیشن اور سکول ایجوکیشن کے اشتراک سے گوجرانوالہ، لاہور، ملتان، راولپنڈی، ساہیوال، سرگودھا، بہاولپور، فیصل آباد اور سیالکوٹ میں انعقاد پذیر ہونگے۔ حکومت پنجاب کی طرف سے جن کورسز کا آغاز کیا جارہا ہے ان میں گھریلو الیکٹریشن، پلمبر، ویلڈنگ وفٹنگ، لیتھ، ایئر کنڈیشننگ اور ریفریجریشن، ٹیلرنگ، کمپیوٹر ایپلیکیشنز، کوکنگ ویجیٹیبل، سینٹری انسپکٹر باغبانی، بچن گارڈننگ، کشیدہ کاری، آف بیٹ پرنٹنگ، ہوم اپلائنسز اور ای ایس مشین آپریٹر کے کورس شامل ہیں۔ حدود دیہاتوں پر مشتمل ان کورسز میں داخلہ کیلئے آخری تاریخ 25 مئی مقرر کی گئی ہے۔ حکومت پنجاب کی طرف سے ایونٹ کے زیر اہتمام مفت کرائے جانے والے مختصر دورانیے کے ان کورسز سے نہ صرف طلباء وطالبات کو تعلیم مکمل کرنے کے بعد روزگار کے حصول میں آسانیاں میسر آئینگی بلکہ بیروزگاری کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

شکر گڑھ: انٹرنیشنل رائس ایکسپورٹ اور پاکستان باسمتی ہیریٹیج فاؤنڈیشن کے اشتراک سے سیمینار کا انعقاد





شکر گڑھ (نامہ نگار) محکمہ زراعت (توسیع) کے زیر اہتمام باسمتی چاول کے اپنڈیجنل رائس ایکسپورٹ اور پاکستان باسمتی ہیریٹیج فاؤنڈیشن کشمرہ والوں اور تاجروں کی خوش قسمتی ہے کہ ہمارے علاقہ میں باسمتی چاول کی کاشتکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شکر گڑھ سرور رضا کے علاوہ دیگر مہمانان گرامی زراعت کے ضلعی افسران نے اس موقع پر کہا کہ میں باسمتی کے کاروبار سے وابستہ دنیا بھر سے تعلق رکھنے والے کسانوں اور تاجروں کو ہر ووال میں خوش آمدید کہتا ہوں، ہماری خواہش ہے کہ نارووال کے چاول کے معیار اور پیداوار کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ چاول اگانے والے کسانوں کے لئے مزید سہولیات پیدا کی جائیں تاکہ ہم دنیا کو نارووال کے اعلیٰ کوالٹی کے چاول زیادہ سے زیادہ ایکسپورٹ کرسکیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت نے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نارووال کو یقین دہانی کروائی کہ نارووال میں باسمتی چاول کی زیادہ سے زیادہ پیداوار اور اسکی اقسام اور چاول کی کوالٹی کو بہتر بنانے کے لیے محکمہ زراعت کی طرف سے جو تعاون درکار ہوگا وہ فراہم کیا جائے گا۔

گوجرانوالہ: ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اور شبان ختم نبوت لائرز فورم کے زیر اہتمام عقیدہ ختم نبوت و ناموس رسالتؐ سیمینار کا انعقاد



گوجرانوالہ (چیدری طارق محمود توت بیورو) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اور شبان ختم نبوت لائرز فورم کے زیر اہتمام عقیدہ ختم نبوت و ناموس رسالت سیمینار برائے وکلا قائداعظم لا چیمبر بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ میں منعقد ہوا جس کی صدارت صدر بار پریزیڈنٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ میاں طارق بار حافظ زبیر علی ملک کی سیمینار میں مہمان خصوصی سرپرست اعلیٰ شبان ختم نبوت پاکستان حضرت مولانا منیر احمد علوی، حسن مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا منیر احمد علوی، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سجاد حسین سندھر، سینئر سول جج آنشم بنت صادق، ممبر پنجاب بار کونسل ظہیر احمد چیمہ تھے۔ سرپرست اعلیٰ شبان ختم نبوت پاکستان حضرت مولانا منیر احمد علوی، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سجاد حسین سندھر، سینئر سول جج آنشم بنت صادق، ممبر پنجاب بار کونسل ظہیر احمد چیمہ تھے۔ سرپرست اعلیٰ شبان ختم نبوت پاکستان حضرت مولانا منیر احمد علوی، مولانا منیر احمد علوی نے بڑے دردول کیساتھ وکلا سے خطاب فرمایا اور مطالبہ پیش کیا کہ قادیانیت کو لاکم وافلاکم قانون کے دائرے میں لاتا آئین کی دفعہ 295 کی جگہ آئین ذمہ داری کو ہم علماء ✻ نے اظہار کیا ہے اس دوران اسداد سود پر بھی مختصر بات کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ تاجروں کی ذمہ داری ہے اور وکلاء نے مزم وارادہ کیا کہ ہم اس قانون کا تحفظ بھی کریں گے اور ان شاءاللہ ہم بیارے نبی پاک ﷺ کی عزت وناموس کی بھی وکالت کریں گے المحدللہ۔ سیمینار سے سجاد ختم نبوت حضرت مولانا منیر احمد علوی اور انتہائی مختصر انداز میں قادیانیت کا اصلی ودکرہ چہرہ بے نقاب کیا اور عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت وفضیلت کو اجاگر کیا ہوئے بار آسان ہے لیکن اسکا تحفظ بڑا اہم ہے المحدللہ تمام حاضرین وکلاء نے عزم وارادہ کیا کہ ہم ان شاءاللہ بیارے نبی پاک ﷺ کی عزت وناموس کا تحفظ کریں گے ان شاءاللہ العزیز آخر میں حضرت مولانا منیر احمد علوی نے دعا کروائی اور یوں ہر وقار تقریب اختتام کو پہنچی اللہ تعالیٰ تمام معاونین کی کاوشوں کو قبول ومنظور فرمائے آمین ثم آمین۔۔۔

تحریک منہاج القرآن عارفوالا کے زیر اہتمام عید ملن پارٹی کا انعقاد



عارفوالا (نمائندہ قوت) تحریک منہاج القرآن عارفوالا کے زیر اہتمام عید ملن پارٹی کا انعقاد دفتر تحریک منہاج القرآن محمدی ٹاؤن کمیٹی صدر ڈاکٹر رشید احمد رضا اور حاجی محمد افضل نے عید ملن پارٹی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انسانوں نے مزید کیا کہ اسلام ایک عالم گیر آفاقی دین ہے جو کل شعبہ ہائے حیات پر محیط ہے اسلام دور حاضر اور عصری تقاضوں کے مطابق انسان کی راہنمائی کرتا ہے علامہ اقبال نے واضح کیا کہ قیام پاکستان سے لیکر استحکام پاکستان تک علماء ومشائخ کا کردار ناقابل فراموش ہے ہم آج بھی ملکی وبین عزیزی کی سلامتی امن و استحکام کی خاطر تن من دھن کی قربانی پیش کرنے کا عزم بالجزم کرتے ہیں اور اپنی وطن پاکستان کو ہر قسم کی دہشت گردی فرقہ واریت انتہا پسندی سے پاک کیا جائے گا علماء نے واضح کیا کہ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر کسی بھی قسم کی قربانی سے گریز نہ کیا جائے گا عید ملن پارٹی کے موقع پر مراکز کے مسئولہ کو پاکستان تک پہنچانے کیلئے لائحہ عمل طے کیا گیا اور آخر میں نصاب کی کتاب کا تحریف خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر صابری، بیلم الدین الطہری ڈاکٹر فاضل محمود تقریر اور طارق حسن سمیت منہاج القرآن سے وابستہ احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور معززین شرکاء نے اعزاز میں شناسیہ دیا گیا۔

حکومت کا مسلسل دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، متعدد گرفتار کر لئے

شکر گڑھ (نامہ نگار) کالی داد وسلی اور نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری تعمیلات کے مطابق ڈی پی او نارووال کریک ڈاؤن میں 03 مشتبہ افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 کلو 360 گرام چرس، 01 ڈبل بیرل گن سمیت 03 مقدمات درج کر لئے۔ ڈی پی او نارووال کریک ڈاؤن میں 02 مشتبہ افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 کلو 400 گرام چرس، شکر گڑھ میں کریک ڈاؤن میں 20 شراب سمیت گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تھانہ سٹی شکر گڑھ کی پولیس نے 01 شخص کو 30 لیٹر شراب سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ کالی داد وسلی کی پولیس نے 01 شخص کو 30 لیٹر شراب سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ بدوملہی کی پولیس نے 01 شخص کو 30 لیٹر شراب سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ سٹی شکر گڑھ کی پولیس نے 01 شخص کو 30 لیٹر شراب سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تھانہ صدر نارووال

روزنامہ "قوت" لاہور(7)10 مئی 2023

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت
QUWAT DAILY

تمام اشتہارات نیٹ نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور پڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تقریب	تقریبات
1	

روپے پنجاب کے ہسپتالوں کے ذمہ 903,203,119 روپے واجب الادا ہیں جو کہ کل رقم 308,386,170 روپے بنتی ہے اس طرح پولیس ڈیپارٹمنٹ کے ذمہ واجب الادا ہیں جو کہ کل رقم 944,483,339 روپے ہے کے پولیس 511,687,10 ،939,250,75 روپے واجب الادا ہیں جو کہ کل رقم 923,442,119 روپے ہے اسی طرح جیل خانہ جات کے ذمہ 100,811,4 روپے واجب الادا ہیں اور یہ کل رقم 923,748,89 روپے بنتی ہے تحصیل و ڈیلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وفاق کے ذمہ 145,809,96 روپے واجب الادا ہیں اسی طرح محکمہ ورکس اینڈ ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ 2,560,82 روپے کے پی کے 217,215,0 روپے واجب الادا ہیں اس طرح کل رقم 760,480,6 روپے بنتی ہے مختلف سرکاری اداروں کے ذمہ واجب الادا ہیں جن کی کل رقم 826,008,68 روپے بنتی ہے تعلیمی اداروں کے ذمہ 577,140,15 روپے کے پی کے 972,019,57 روپے ہے کے پی 313,262,63 روپے ہے ، پنجاب 1,560,42 روپے واجب الادا ہیں جن کی کل رقم 786,544,9 روپے واجب الادا ہیں علی ہذا 989,765,139 روپے بنتی ہے اس طرح وفاقی 255,744,307 روپے ہے اس طرح ذمہ داران کی کل رقم 752,386,4 روپے ہے پنجاب کے ذمہ 691,130,354 روپے واجب الادا ہیں جو کہ کل رقم 698,261,707 روپے بنتی ہے سوئی ناردرن گیس کے مطابق وفاقی محکموں کے نام واجب الادا رقوم درج ذیل ہیں کابینہ ڈویژن کے ذمہ بقایا اسلام آباد 437,296,36 روپے ہے پاکستان سٹیٹل آئرن اینڈ سٹیل مل (پاریٹ لمیٹڈ) کراچی 1,078,464,7 روپے ہے پاکستان بیت المال 263,032,21 روپے ہے ، اسٹیٹ آفس کے ذمہ 1,498,959,132 روپے ہے ، ای۔ٹی۔او اسلام آباد کے ذمہ 590,864,2 روپے ہے ، ڈیپارٹمنٹ آف ایوی ایشن 2 ڈویژن 2 کروڑ 1 لاکھ کے پاکستان بیت المال 691,130,16 ، میڈیکل ڈائریکٹر چلڈرن ہسپتال فیروز پور روڈ لاہور 672,348,12 ، پاکستان بیت المال 437,296,36 ، ڈپٹی ڈائریکٹر سٹیٹل 2 ڈویژن (پاریٹ لمیٹڈ) کراچی 1,078,464,7 روپے ہے پاکستان بیت المال 263,032,21 روپے ہے ، اسٹیٹ آفس کے ذمہ 1,498,959,132 روپے ہے ، ای۔ٹی۔او اسلام آباد کے ذمہ 590,864,2 روپے ہے ، ڈپٹی ڈائریکٹر امراض ای ایچ سی

ابراہیم مراد کی زیر نگرانی پنجاب کی 118 مویشیوں منڈیوں کے ٹھیکے پانچ ارب 56 کروڑ روپے میں نیلام

گزشتہ سال کے مقابلے میں ایک ارب 84 کروڑ روپے زیادہ ہے پنجاب کی مویشی منڈیوں کی ریکارڈ قیمت پر نیلامی ہماری پالیسیوں پر کاروباری طبقے کے اعتماد کی مظہر ہے: ابراہیم مراد

لاہور (خبر نگار) نگراں وزیر بلدیات ابراہیم مراد کی زیر نگرانی پنجاب کی 118 مویشیوں منڈیوں کے ٹھیکے مجموعی طور پر 5 ارب 56 کروڑ 86 لاکھ 40 ہزار 600 روپے میں نیلام کر دیئے گئے۔ یہ رقم ایک ریکارڈ ہے اور گزشتہ سال کے ٹھیکوں سے حاصل ہونے والے تین ارب 70 کروڑ روپے سے ایک ارب 84 کروڑ 58 لاکھ 26 ہزار 600 روپے زیادہ ہے۔ اس سال مویشی منڈیوں کی نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم گزشتہ سال کی آمدنی سے بھی 50 فیصد زیادہ ہے۔ مویشی منڈیوں کی نیلامی میڈیا کی موجودگی میں کی گئی اور ڈیجیٹل میڈیا سے براہ راست نشر کی گئی۔ گزشتہ روز ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ابراہیم مراد نے کہا ہے کہ پنجاب کی مویشی منڈیوں کی ریکارڈ قیمت پر نیلامی ہماری پالیسیوں پر کاروباری طبقے کے اعتماد کی مظہر ہے۔ اس سال پنجاب کی مویشی منڈیاں گزشتہ سال کی نسبت تقریباً دو ارب روپے زیادہ رقم میں نیلام ہوئیں۔ ہم قومی وسائل میں اضافے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)



لاہور: نگراں وزیر بلدیات ابراہیم مراد مویشیوں منڈیوں کے ٹھیکے کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

سرگودھا، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف ایکشن، 700 بوری گندم برآمد، گودام اور سٹور کو سیل کر دیا گیا

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) ذخیرہ اندوزوں کے خلاف ایکشن میں 700 بوری گندم برآمد کر کے گودام اور سٹور کو سیل کر دیا گیا اور مالکان کے خلاف کاروائی جاری ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے اسسٹنٹ کمشنر میانوالی نے گندم ذخیرہ اندوزوں کے خلاف ایکشن میں چھاپے مار کر پرائیویٹ گودام سے 400 بوری گندم موضع لعلوخیلا نوالہ کے سٹور سے 300 بوری گندم برآمد کر لی۔

دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر 13 افراد کو قائدہ 17 اے کے تحت سرکاری ملازمتیں فراہم

لاہور (سٹاف رپورٹ) دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر مختلف محکمہ جات نے 13 افراد کو پنجاب سول سروسز (تقرری شرائط ملازمت) رولز مجریہ 1974ء کے قاعدہ 17 اے کے تحت باقاعدہ ملازمتیں فراہم کر دی ہیں جس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

سرگودھا، ہسپتال میں بھکاری کے روپ میں مریضوں کو لوٹنے والے گروہ کی خاتون کو پکڑ لیا گیا، ساتھی فرار

سرگودھا (سٹاف رپورٹ) سرکاری ہسپتال میں بھکاری کے روپ میں مریضوں کو لوٹنے والے گروہ کی خاتون کو پکڑ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت لاہور پولیس کی کرائم میٹنگ

انوسٹی گیشن کیسز فوری چالان اور مقدمات یکسو کر کے مظلوم کو انصاف فراہم کریں، غریب آدمی کا پرچہ ہر صورت درج ہوگا، کوئی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں، ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سنٹرل پولیس آفس میں لاہور پولیس کے تمام ونگز کی چار ماہ کی کارکردگی اجلاس کی صدارت کی۔ آئی جی پنجاب نے انوسٹی گیشن امور، ملزمان کی گرفتاری، شناخت اور ریکوری امور کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ انوسٹی گیشن کیسز فوری چالان اور مقدمات یکسو کر کے مظلوم کو انصاف فراہم کریں، آئی جی پنجاب نے کہا کہ غریب آدمی کا پرچہ ہر صورت درج ہوگا، کوئی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں، ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ آئندہ ہفتے سے پنجاب بھر میں افسران و اہلکاروں کی مزید پروموشن کا سلسلہ شروع ہوگا۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ منشیات کی لعنت کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے جذبہ جہاد سے کام کرنا ہوگا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ تحفظ سنٹرز کے ذریعے بے گھر بچوں، خواتین، ٹرانسجینڈر زز، ذہنی معذور افراد کو سوشل پروٹیکشن فراہم کی جا رہی ہے اور جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کے لیے سیف سٹی اتھارٹی کے نائٹ پٹرولنگ سسٹم کے بہتر نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سنٹرل پولیس آفس میں لاہور پولیس کی کرائم میٹنگ کی صدارت کے دوران افسران کو ہدایات دے رہے ہیں

قائداعظم بزنس پارک میں 45 کروڑ روپے کی لاگت سے 132 کے وی گرڈ اسٹیشن فعال

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کا صنعتکاروں سے کئے وعدوں کی تکمیل کی جانب اہم قدم، قائداعظم بزنس پارک میں 45 کروڑ روپے کی لاگت سے 132 کے وی گرڈ اسٹیشن فعال کر دیا گیا۔ پنجاب انڈسٹر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

عوام کے حقوق، آئین اور قانون کی حکمرانی کیلئے عمران خان آخری جنگ بھی لڑ گئے، مسرت چیمہ

قوم نے فیصلہ کرنا ہے ہم تاریخ کے دائیں طرف یا بائیں طرف کھڑے ہیں، بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی میڈیا کوارڈی نیٹر و ترجمان مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر اپنے ملک و قوم کیلئے جنگ لڑ رہے ہیں، تاریخ میں عمران خان کا نام پہلے ہی اپنے اچھے کاموں کی وجہ سے امر تھا، عوام کے حقوق، آئین اور قانون کی حکمرانی کیلئے عمران خان آخری جنگ بھی لڑ گئے ہیں۔ اپنے ویڈیو بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ اب ہماری ہار اور جیت کا ٹیسٹ ہے، احا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ عطا الرحمن کی زیر صدارت اجلاس

ٹرسٹ بورڈ کے انتظامی و مالیاتی اور آئینی امور سمیت فنکشنل گوردواروں، مندروں بارے تفصیلی بریفنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) متروکہ وقف املاک بورڈ کے نئے چیئرمین سید عطا الرحمن کی بورڈ آفس آمد، سیکرٹری بورڈ ناصر اکرم نے پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے انکا استقبال کیا۔ جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری ثناءاللہ خان۔ ایس او ظفر اقبال، کنٹرولر آف اکاؤنٹس عدیل احمد، سیکرٹری PMEIF رانا محمد عارف بورڈ ترجمان عامر ہاشمی سمیت دیگر افسران انکے ہمراہ تھے۔ بعد ازاں چیئرمین بورڈ کی افسران سے تعارفی اجلاس منعقد ہوا، جس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)



کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے ایتھوپیا کے وزیر مملکت ملاقات کر رہے ہیں

سیشن کورٹ نے اغوا و زیادتی کے مقدمہ میں ملوث مجرم کو 2 بار سزائے موت سنا دی

مکو آنہ (بیورو رپورٹر) سیشن کورٹ نے اغوا و زیادتی کے مقدمہ میں ملوث مجرم کو 2 بار سزائے موت اور جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا ہے۔ استغاثہ کے مطابق مجرم نے کچھ عرصہ قبل تھانہ پیپلز کالونی کے علاقہ سے کمسن بچی کو اغوا کرنے کے بعد زیادتی کا نشانہ بنایا تھا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

فیصل آباد، مختلف حادثات میں 8 سالہ بچے سمیت 2 افراد جاں بحق، ایک زخمی

مکو آنہ (بیورو رپورٹر) فیصل آباد مختلف حادثات میں 8 سالہ بچے سمیت 2 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد میں ٹریفک کے د (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

ڈیوٹی فری گاڑیاں درآمد کرنے کی سہولت واپس لے لی گئی

گزشتہ 5 برسوں میں سیاحتی سہولت کے تحت ایک ہزار گاڑیاں پاکستان میں داخل ہوئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹر) حکومت نے سمندر پار پاکستانیوں کے لیے عارضی طور پر ڈیوٹی فری گاڑیوں کی درآمد کی سہولت کو واپس لیتے ہوئے اسے صرف غیر ملکی سیاحوں تک محدود کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گاڑیوں کی عارضی درآمد کے قواعد میں تبدیلی کر کے کسٹم ٹوٹیفکیشن ایس آر او 533 کے ذریعے متعدد ترامیم کی گئیں۔ گزشتہ 5 برسوں میں سیاحتی سہولت کے تحت ایک ہزار گاڑیاں پاکستان میں داخل ہوئیں جبکہ صرف 900 گاڑیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اینٹی کرپشن نے سابق صوبائی وزراء اور پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا

احمد شاہ کھگہ اور نعیم ابراہیم پر رشوت لے کر کلاس فور کی 190 آسامیوں کا الزام

لاہور (سٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن پنجاب نے سابق صوبائی وزراء اور پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا، 4 سابق صوبائی وزراء کو 11 مئی کو طلب کر لیا گیا۔ اینٹی کرپشن پنجاب نے احمد شاہ کھگہ، نعیم ابراہیم، یاور عباس بخاری اور وقاص قیوم کو 11 مئی کو طلب کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق احمد شاہ کھگہ اور نعیم ابراہیم پر الزام ہے کہ انہوں نے محکمہ ایجوکیشن پنجاب میں کلاس فور کی 190 آسامیوں پر بھرتی کے عوض 10 لاکھ رشوت وصول کی۔ یاور عباس بخاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

عمران خان کی گرفتاری کی پرزور مذمت کرتے ہیں

عمران خان نے مافیاز کا ڈٹ کر سامنا کیا، راحت امان اللہ بھٹی و دیگر

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عمران خان کی گرفتاری کی پرزور مذمت کرتے ہیں ہمارا قائد قومی ہیرو اور امت مسلمہ کا لیڈر ہے عمران خان نے مافیاز کا ڈٹ کر سامنا کیا ہے فوری رہا کیا جائے غنڈہ گردی اور بدمعاشی کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ان خیالات کا اظہار رکن قومی اسمبلی راحت امان اللہ بھٹی تحریک انصاف کے ضلعی صدر عمر آفتاب ڈھلوں علی شہزاد اسلم بھٹی چوہدری عامر فاروق باجوہ شہباز احمد کڑھائی والے فیصل حیات پنوں سہیل ریاض جٹھول نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

بلڈنگ انسپکٹر کی لاعلمی، انفورسمنٹ انسپکٹر نے کرپشن کے ریکارڈ توڑ دیئے

فیروزوالہ امامیہ کالونی، بھلے بانیوال روڈ و دیگر علاقوں میں بغیر منظوری تعمیرات دھڑلے سے جاری

فیروزوالہ (فقیر حسین بھٹی) فیروزوالہ بلڈنگ انسپکٹر کی لاعلمی یا ملی بھگت انفورسمنٹ انسپکٹر رانا ریاض نے کرپشن کے ریکارڈ توڑ دیئے۔ فیروزوالہ امامیہ کالونی، بھلے بانیوال روڈ و دیگر علاقوں میں بغیر منظوری کمرشل بلڈنگز، دکانوں، رہائشی مکانات کی تعمیرات دھڑلے سے جاری۔ تفصیل کے مطابق فیروزوالہ میونسپل کمیٹی کی حدود میں بلڈنگ لاز کی خلاف ورزی غیر قانونی بغیر منظوری نقشہ این او سی کے بلڈنگ تعمیر و تکمیل کا عمل جاری بیشتر کے نقشہ جات کی منظوری تو دور کی بات تاحال متعدد عمارتوں کی فائلیں ہی جمع نہیں کروائی گئیں ہیں باوثوق ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

آئی جی پنجاب کا فورس اور عوام کے نام اہم پیغام

پنجاب پولیس کا سیکرٹ فنڈ میں 03 کروڑ 82 لاکھ، 47 ہزار 500 روپے موجود تھے

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس سیکرٹ فنڈ کے استعمال کے حوالے سے فورس اور عوام کے نام اہم پیغام جاری کیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پنجاب پولیس انتہائی خطرناک دہشت گردوں، ڈکیتوں، راہزنوں اور سماج دشمن عناصر کے قلع قمع کیلئے سرگرم عمل ہے اور حکومت کے فراہم کردہ سیکرٹ فنڈ کی کوئی جواب طلبی نہیں، تاہم موجودہ پولیس قیادت نے اس فنڈ کو سیکرٹ نہیں رکھا۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ استعمال ہونے والے فنڈز کا تمام ریکارڈ ہر ہفتے پولیس ایگزیکٹو بورڈ کی میٹنگ میں پیش کیا جاتا ہے۔ آئی جی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

پولیس کے تمام یونٹس کو پیپر لیس ورکنگ انوائرنمنٹ کا حصہ بنانے کا فیصلہ

سسٹم سے نہ صرف پیپر اور پرنٹنگ کے اخراجات میں کمی ہوگی، سی پی او

گوجرانوالہ (علی رضا وراچ) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کے پیش نظر گوجرانوالہ پولیس میں محکمانہ خط و کتابت اور احکامات کی ترسیل کیلئے پنجاب انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے E-FOAS سسٹم کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ اسی سلسلہ میں سی پی او آفس میں تعینات انچارج برانچ کو پیپر لیس ورکنگ سسٹم کی خصوصیات اور استعمال سے متعلق بریفنگ اور تربیت دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر سی پی او محمد ایاز سلیم نے کہا کہ ریجن آفس کے بعد سی پی او آفس کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس میں روز مرہ کے احکامات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

زمان پارک ہنگامہ آرائی، پی ٹی آئی رہنماؤں کی 16 مئی تک عبوری ضمانت منظور

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے زمان پارک ہنگامہ آرائی اور پولیس پر پٹرول بم پھینکنے کے کیس میں تحریک انصاف کے رہنماؤں کی 16 مئی تک عبوری ضمانت منظور کر لی۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج اعجاز احمد بٹر نے فرخ حبیب، عمر ایوب اور اعجاز چوہدری کی عبوری ضمانتوں پر سماعت کی۔ عدالت نے فرخ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)



سیکریٹری بلدیات ڈاکٹر ارشاد احمد ماڈل قبرستان کا ہنہ کا دورہ کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری کے زیر صدارت گڈز ٹرانسپورٹر ایسوسی ایشن کا اجلاس

ٹرک ٹرانسپورٹرز غیر قانونی طریقے سے گندم لوڈ نہ کریں ورنہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل

قصور (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری کے زیر صدارت گڈز ٹرانسپورٹر ایسوسی ایشن کا اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ جس میں تمام ٹرک ٹرانسپورٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پنجاب حکومت کے حکم پر عملدرآمد کرتے ہوئے گندم کی دوسرے اضلاع میں سمگلنگ کی روک تھام کیلئے سخت پالیسی اختیار کی گئی ہے اور اس حوالے سے تمام ٹرک ٹرانسپورٹرز کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ گندم کی دوسرے اضلاع میں سمگلنگ کو روکنے کیلئے ضلعی حکومت کے فیصلے پر عملدرآمد کریں اور غیر قانونی طریقے سے گندم لوڈ نہ کریں ورنہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

پتوکی کے مختلف علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری شہری بل بلا اٹھے

پتوکی (سٹاف رپورٹر) پتوکی کے مختلف علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری شہری بل بلا اٹھے شہریوں کا وفاقی وزیر پانی، بجلی، چیف لیسکو لاہور سے فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ۔ پتوکی نواحی علاقوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ 12 سے 18 گھنٹوں تک پہنچ گیا بنجرائے خورد، 37 چک سمیت دیگر علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)



گوجرانولہ: آئی جی پنجاب کے احکامات کے پیش نظر گوجرانوالہ پولیس کے تمام یونٹس میں پیپر لیس ورکنگ کرنے کے حوالے سے سی پی او آفس کانفرنس ہال میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

ماڈل قبرستان کا ہنہ کا چھا میں 3500 روپے فیس کی وصولی کو یقینی بنایا جائے

ڈاکٹر ارشاد احمد سیکرٹری بلدیات

ایڈیشنل سیکرٹری ڈویلپمنٹ ماریہ طارق اور ڈپٹی سیکرٹری ایل جی ایف کے ہمراہ ماڈل قبرستان کا ہنہ کا چھا کا دورہ

لاہور (خبر نگار) سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر ارشاد احمد نے کہا ہے کہ ماڈل قبرستان کا ہنہ کا چھا میں 3500 روپے فیس کی وصولی کو یقینی بنایا جائے وہ بلدیات ڈاکٹر ارشاد احمد نے ماڈل قبرستان کے دورے کے دوران فیسوں کی وصولی، قبروں کی گنجائش اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا اس موقع پر سیکرٹری بلدیات نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر شہریوں کی سہولت کے لیے فیس 10 ہزار سے کم کر کے 3500 روپے کر دی گئی ہے۔ ماڈل قبرستان کا دورہ کرتے ہوئے سیکرٹری بلدیات نے شہر خموشاں اتھارٹی کے حکام کو ہدایت کی کہ قبرستان کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

چنیوٹ: بی پازیٹو پروڈکشن کے زیر اہتمام پہلے اربن فورسٹ کا آغاز

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں پہلے اربن فورسٹ کا آغاز بی پازیٹو پروڈکشن کے زیر اہتمام کر دیا گیا جس کا افتتاح سی او میونسپل کارپوریشن وقاص ہرل نے ایک مقامی پارک میں کیا۔ ڈویژن فیصل آباد کے اندر پہلا اربن فاریسٹ پراجیکٹ کا آغاز چنیوٹ میں بی پازیٹو پروڈکشن کی جانب سے کیا گیا جس کے پہلے مرحلہ میں سو پودے لگائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

بھارتی ریاست منی پور میں کرفیو میں 4 گھنٹوں کی نرمی

منی پور میں 24 گھنٹوں میں فسادات کا کوئی واقعہ رپورٹ نہیں ہوا، بھارتی میڈیا

منی پور (بیورو رپورٹر) بھارت کی ریاست منی پور میں نسلی فسادات کے بعد تمام 11 اضلاع میں نافذ کرفیو میں 4 گھنٹوں کی نرمی کر دی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق منی پور میں 24 گھنٹوں میں فسادات کا کوئی واقعہ رپورٹ نہیں ہوا، ڈرونز اور ہیلی کاپٹروں کی مدد سے متاثرہ علاقوں کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ متاثرہ علاقوں سے 23 ہزار شہریوں کا انخلا کرایا گیا۔ دوسری جانب بھارتی سپریم کورٹ نے منی پور کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ریاستی حکومت سے رپورٹ طلب کر لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریاست منی پور میں کشیدہ صورتحال کے باعث 60 افراد ہلاک اور 231 زخمی ہو چکے ہیں، پرتشدد واقعات میں 1700 مندر اور گرجا گھر جلائے گئے۔



کوئٹہ: جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کے فرید کاکڑ، شاہ علی بگٹی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اوکاڑہ: مبینہ پولیس مقابلہ، 2 ڈاکو ہلاک، 3 فرار

پولیس نے کار، موٹر سائیکل، طلائی زیورات اور اسلحہ برآمد کر کے قبضہ میں لے لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ مبینہ پولیس مقابلہ 2 ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک 3 ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب۔ پولیس نے کار، موٹر سائیکل، طلائی زیورات اور اسلحہ برآمد کر کے قبضہ میں لے لیا۔ مرنے والے دونوں ڈاکوؤں کی نعشیں ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ہاؤسنگ سکیم رینالہ خورد کا رہائشی جاوید اقبال ولد محمد یعقوب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

انتخابات جب بھی ہوئے پی ٹی آئی کلین سوپ کرے گی، ڈاکٹر شاہد صدیق

عوامی مطالبے کے باوجود انتخابات میں مزید تاخیر کر کے پی ڈی ایم عوام میں قابل نفرت بن چکی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے بانی رکن، امیدوار حلقہ پی پی 160 ڈاکٹر شاہد صدیق نے کہا ہے کہ انتخابات جب بھی ہوئے پی ٹی آئی کلین سوپ کرے گی، پی ڈی ایم حکومت انتخابات سے فرار کیلئے جو اقدامات کر رہی ہے اس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکے گی، عوامی مطالبے کے باوجود انتخابات میں مزید تاخیر کر کے پی ڈی ایم عوام میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

سٹی ٹریفک پولیس فیصل آباد کے ترقی پانے والے 20 ٹریفک وارڈنز کو سینئر ٹریفک وارڈنز کے رینک لگا دیئے گئے

مکو آنہ (بیورو رپورٹر) ترقی پانے والے ٹریفک وارڈنز کو سی ٹی او آفس میں منعقدہ تقریب میں باقاعدہ طور پر سینئر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

ریٹائیر پولیس ملازم انصاف کے لیے در بدد

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ریٹائیر پولیس ملازم انصاف کے لیے در بدد یا شر نعیم پر قاتلانہ حملہ چھوٹا بھائی گولی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

ایران قونصلیٹ کے وفد کا جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ

پاکستان اور ایران کے تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں، ڈی جی ڈاکٹر جعفر روناس

فیصل آباد (بیورو رپور) پاکستان اور ایران کے کے برادرانہ تعلقات ہمیشہ سے ہی ہیں اور ہر روز ان کی مضبوطی میں اضافہ ہو رہا ہے، حکومت ایران کو جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلبہ اور اساتذہ کی تربیت اور تحقیق میں معاونت فراہم کرے گی، ان خیالات کا اظہار خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران کے کلچرل اتاشی اور ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر جعفر روناس نے جی سی یونیورسٹی فیصلآباد میں کالج آف ریٹینل لینگویجز کے شعبہ فارسی کے دورہ کے موقع پر کیا۔ انہوں نے ڈاکٹر شاہد کمال کی ناگہانی وفات پر دلی تعزیت کا اظہار بھی کیا۔ یونیورسٹی کی ترقی کے لئے ان کی کاوشوں کو سراہا اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا بھی کی۔ اس موقع پر ڈین فیکلٹی آف اورینٹل لرننگ پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس نے شعبہ فارسی کی ترویج اور ترقی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

فیصل آباد، رکھ برانچ نہر سے نامعلوم نوجوان کی تشدد زدہ نعش برآمد

مکو آنہ (بیورو رپورٹر) فیصل آباد نہر سے نوجوان کی تشدد زدہ نعش برآمد، پولیس نے تحویل میں لیکر قانونی کارروائی شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ڈجکوٹ کے علاقہ میں رکھ برانچ نہر سے نامعلوم نوجوان کی تشدد زدہ نعش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق نعش کسی 30، 35 سالہ نوجوان کی لگ رہی ہے جس کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی ہے۔ ظاہری طور پر نعش پر تشدد کے نشانات ہیں تاہم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

چیف ایڈیٹر: میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر: صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر: ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر: امداداللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر: شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر: وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 باسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کورونا: 16 نئے کیسز رپورٹ، 08 مریضوں کی حالت تشویشناک

دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 8 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹر) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 16 کیس رپورٹ ہوئے، 8 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ منگل کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے ایک ہزار 577 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 16 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اس طرح مثبت کیسز کی شرح 01.0 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 8 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران لاہور میں 258 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے ایک ٹیسٹ مثبت آیا اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 0.39 فیصد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

سیٹلائٹ ٹاؤن میں آؤٹ لیٹ شوز کی دکان کی افتتاحی تقریب

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سیٹلائٹ ٹاؤن میں آؤٹ لیٹ شوز کی دکان کی افتتاحی تقریب تقریب میں صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ضیاء الحق شیخ فیصل ایوب شہر کے بڑے بزنس مین سابق صدر چیمبر آف کامرس ملک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

پی ایچ اے اور ٹوٹل پارکو پاکستان لمیٹڈ کے باہمی اشتراک سے شجر کاری/ پارک ہینڈ اوور تقریب

لاہور (سٹاف رپورٹر) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور اور ٹوٹل پارکو پاکستان لمیٹڈ کے باہمی اشتراک سے شجر کاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

سرگودھا یونیورسٹی میں تھیلیسیمیا کی روک تھام، شادی سے پہلے ٹیسٹ کروانے کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے سکریننگ کیمپ کا انعقاد

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) سرگودھا یونیورسٹی میں تھیلیسیمیا کی روک تھام اور شادی سے پہلے تھیلیسیمیا ٹیسٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

سمندری، عمران خان کی گرفتاری، کارکنان سڑکوں پر آ گئے

گوجرہ روڈ چوک سمندری میں ٹائروں کو آگ لگا کر ٹریفک بند کر دی

عوام اپنے قائد عمران خاں کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں، چوہدری عارف، دل پرویز

سمندری (اعظم رضا راول سے) چیئرمین تحریک انصاف عمران خاں کی گرفتاری کے خلاف حلقہ پی پی 103 سے پی ٹی آئی کے نامزد امیدوار چوہدری عارف محمود گل اور حلقہ پی پی 104 سے چوہدری عادل پرویز گجر کی قیادت میں گوجرہ روڈ چوک میں احتجاجی مظاہرہ ٹائروں کو آگ لگا کر شدید احتجاج حکومت مخالف شدید نعرہ بازی تفصیلات کے مطابق عمران خا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)



سمندری چیئرمین تحریک انصاف عمران خاں کی گرفتاری کے خلاف حلقہ پی پی 103 سے پی ٹی آئی کے نامزد امیدوار چوہدری عارف محمود گل اور حلقہ پی پی 104 سے چوہدری عادل پرویز گجر کی قیادت میں گوجرہ روڈ چوک میں احتجاجی مظاہرہ ٹائروں کو آگ لگا رکھی ہے

جے یو آئی (س) ملکی دفاع کیلئے فوج کے ساتھ کھڑی ہے، قاری اعظم حسین

پاک فوج کے جوان کامیابی کے ساتھ مستعد ہو کر ملک کی جغرافیائی سرحدوں پر پہرہ دے رہے ہیں

لاہو (سٹاف رپورٹر) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ جے یو آئی (س) ملکی دفاع کیلئے فوج کے ساتھ کھڑی ہے، پاک فوج کے جوان کامیابی کے ساتھ مستعد ہو کر ملک کی جغرافیائی سرحدوں پر پہرہ دے رہے ہیں، فوج پر تنقید کرنیوالے اپنا قبلہ درست کریں ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کر کے ملک کو امن کا گہوارہ بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلی مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی نائب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

کوائن بیس کا متحدہ عرب امارات کو اپنا بین الاقوامی مرکز بنانے پر غور

واشنگٹن (بیورو رپورٹر) کرپٹو ایکس چینج کوائن بیس گلوبل متحدہ عرب امارات کو اپنا بین الاقوامی مرکز بنانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

عوام حکمرانوں کے کسی غیر آئینی اقدام کو نہیں مانتے، مبارک آفتاب گل

پنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اداروں کی مضبوطی سے ملک میں قانون کی حکمرانی رائج ہوگی

شریف برادران 1997 کی تاریخ دہرانے کی کوشش کر رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف ینٹاری ونگ کے سنیئر مرکزی رہنما مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ عوام حکمرانوں کے کسی غیر آئینی اقدام کو نہیں مانتے، قوم پی ڈی ایم کے اصل چہرے سے واقف اور حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں سے آگاہ ہو چکے ہیں، نام نہاد جمہویت (کے بلند و بانگ نعرے لگانے والے انتخابات والے جمہوری عم